تالیف
محمد بشیر
(ایم - اے)

مِفتاحُ الاِنشاء

اعلیٰ جماعتوں کے طلبہ کو عربی ترجمہ اور تحریر و انشاء سکھانے کا
جدید اور منفرد سلسلہ

الجزءُ الاوّل

ناشر
دارُ العِلم ۶۹۹ آبپارہ مارکیٹ اسلام آباد

تالیف:
محمد بشیر (ایم اے)

مِفتاحُ الاِنشاء

البیان اوپن یونیورسٹی

اعلیٰ جماعتوں کے طلبہ کو عربی ترجمہ اور تحریر و انشا سکھانے کا

جدید اور منفرد سلسلہ

الجُزءُ الأوّل

ناشر
دار العلم
۶۹۹ - آب پارہ مارکیٹ، اسلام آباد، فون: ۸۱۵۳۷۱

جميع حقوق الطبع و النشر و النقل محفوظة للمؤلف .

طبع فی : ایس تی برنترز ، گوالمندی ، راولبندی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ، وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ مُحَمَّدِ نِ الْعَرَبِیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ

اس عاجز نے آج سے پندرہ سال پہلے عربی زبان و ادب کی اشاعت و ترویج کے ایسے جامع، معیاری اور موثر نصاب تعلیم کی تحریر و تیاری کا کام شروع کیا تھا جو وطن عزیز اسلامی جمہوریہ پاکستان کے اسلامی مدارس، سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں کے طلبہ و طالبات اور عام شائقین کے لئے مفید ہو اور انہیں عربی کو ایک زندہ اور ترقی یافتہ زبان کی طرح سیکھنے میں مدد دے۔ چنانچہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی توفیق سے اب تک ہم اس نصاب کے یہ تین سلسلے شائع کر چکے ہیں۔

۱۔ اقرأ تین حصے۔ اس کا حصہ چہارم بھی ان شاء اللہ دو تین ماہ تک شائع ہو جائے گا۔

۲۔ آسان عربی۔ دو حصے۔

۳۔ هَيَّا نُغَنُّوا يَا أَطْفَال (آؤ بچو گائیں) حصہ اول۔ حصہ دوم زیر ترتیب ہے۔

یہ تمام کتابیں ملک کے تعلیمی حلقوں میں مقبول ہو چکی ہیں۔ والحمد للہ

آج ہم اپنے معزز قارئین اور عزیز طلبہ و طالبات کی خدمت میں اس نصاب کے چوتھے سلسلے مفتاح الإنشاء[1] کا حصہ اول پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔ اس نئے سلسلے کا مقصد اعلیٰ جماعتوں کے طلبہ اور طالبات کو عربی زبان میں تحریر و انشاء (Composition) کی تعلیم و تربیت دینا ہے ہم نے

(۱) حصہ دوم بھی تین چار ماہ تک شائع کر دیا جائے گا۔ ان شاء اللہ۔

اس میں صرف متنوع مضامین ہی لکھ دینے پر اکتفا نہیں کیا بلکہ شروع کے سبقوں میں عربی کے آسان، معروف اور کثیر الاستعمال محاوروں اور مرکبات کا مفصل تعارف کراتے ہوئے اُن کے استعمال کی متنوع اور متعدد مثالیں دی ہیں اس کے بعد عربی کے مشہور افعال کی مختلف قسموں لازم مُتعدّی اور متعدّی بحرفِ جرّ کا مفصل بیان دیا ہے۔ اور ان کے استعمالات کی خوب خوب مشقیں کرائی ہیں۔ اس حصّے کی تمام مثالیں عربی کے ایسے جدید الفاظ، مرکبات اور محاوروں پر مشتمل ہیں جن کا آج کی روزمرّہ زندگی کے مختلف شعبوں سے قریبی تعلق ہے۔ اس لئے انکے مطالعہ سے قارئین عربی تحریر وانشاء کی مشق کے ساتھ ساتھ جدید عربی زبان سے بھی بخوبی متعارف ہوں گے۔ اس کے بعد ہم نے متنوع مضامین، مقالات، مشہور کہانیاں، خطوط اور درخواستوں کے نمونے درج کئے ہیں۔

ہمیں امید ہے کہ اس کتاب سے طلبہ وطالبات کے علاوہ ہمارے معزز علماء اور اساتذہ بھی استفادہ کریں گے۔ ان شاء اللہ

ہمیں امید ہے کہ محترم اساتذہ اس کتاب کی تدریس کے دوران ان امور کی پابندی کریں گے:۔

(۱) ہر سبق کو بغور پڑھایا جائے! اور طلبہ سے صحیح عربی تلفّظ ادا کرنے کی پابندی کرائی جائے

(۲) پہلے جماعت میں اجتماعی طور پر ہر مشق زبانی حل کرائی جائے۔ اس کے بعد طلبہ اسے اپنی کاپیوں میں تحریر کریں۔

(۳) اساتذہ خود، طلبہ کی غلطیوں کی اصلاح نہ کریں، بلکہ وہ صرف ان کی نشاندہی کر کے طلبہ کو ہدایت کریں کہ وہ خود اپنی غلطیوں کی اصلاح کریں۔

(٤) اساتذۂ کرام اور طلبہ وطالبات اپنے ماحول میں زیادہ سے زیادہ عربی ہی میں بات چیت کریں۔ واللہ الموفّق ولا حول ولا قوّۃ الّا باللہ العلیّ العظیم۔

۲۱ محرم ۱٤۱٦ھ
۲۰ جون ۱۹۹۵ء

محمد بشیر
دار العلم، اسلام آباد

تَعْبِيْرَاتٌ وَ اِسْتِعْمَالَاتٌ
عَرَبِيَّةٌ مُهِمَّةٌ

الدَّرسُ الأَوَّلُ

عَلَامَاتُ التَّرْقِيمِ

عربی زبان کی تحریر کے دوران متعدد ایسے اِشارات (رموزِ اوقاف) لکھے جاتے ہیں جن سے قاری کو تحریر کا مفہوم صحیح طور پر سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔ یہاں ان کا تعارف اور استعمال درج کیا جاتا ہے۔ انہیں عربی میں عَلَامَاتُ التَّرْقِيمِ(۱) کہا جاتا ہے۔

۱- اَلْفَصْلَةُ ، COMMA

(أ) هِيَ تُوضَعُ بَيْنَ الْجُمَلِ الْمُتَّصِلَةِ الْمَعْنَى (یہ ایک جیسے معنی و مفہوم کے مختلف جملوں کے درمیان لکھا جاتا ہے) مثلاً:

۱- مِنْ حَقِّ اللهِ عَلَيْنَا أَنْ نُؤْمِنَ بِهِ، وَنُحِبَّهُ، وَنَعْبُدَهُ وَحْدَهُ، وَأَنْ لَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا.

۲- كَمَا يَجِبُ أَنْ نُؤْمِنَ بِنَبِيِّهِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَنُحِبَّهُ، وَنُطِيعَهُ فِيمَا أَمَرَ بِهِ، وَنَهَى عَنْهُ.

۳- يُرِيدُ الْاِسْتِعْمَارُ أَنْ يَمْنَعَ وَحْدَتَنَا وَقُوَّتَنَا، وَيَسْلُبَنَا حُرِّيَّتَنَا، وَيَغْتَصِبَ ثَرْوَتَنَا(۲)، وَيَسْتَذِلَّ رِقَابَنَا.

(ب) وَكَذٰلِكَ تُوضَعُ بَيْنَ أَجْزَاءِ الشَّيْءِ الْوَاحِدِ وَأَنْوَاعِهِ (نیز یہ ایک چیز کے مختلف اجزاء اور اقسام کے درمیان آتا ہے) مثلاً:

۱- اَلْكَلِمَةُ ثَلَاثَةُ أَنْوَاعٍ: اِسْمٌ، وَفِعْلٌ، وَحَرْفٌ.

۲- اَلسَّنَةُ أَرْبَعَةُ فُصُولٍ(۳): اَلرَّبِيعُ، وَالصَّيْفُ، وَالْخَرِيفُ، وَالشِّتَاءُ.

۳- بُنِيَ الْإِسْلَامُ عَلَى خَمْسٍ: شَهَادَةِ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللهِ، وَإِقَامِ الصَّلَاةِ، وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَالْحَجِّ، وَصَوْمِ رَمَضَانَ.

۴- اَلسُّنَّةُ هِيَ طَرِيقَةُ الرَّسُولِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عِبَادَةِ اللهِ، وَحُسْنِ مُعَامَلَةِ النَّاسِ، وَمَا اتَّصَفَ بِهِ مِنَ الْأَخْلَاقِ الْحَمِيدَةِ، وَالشَّمَائِلِ الْكَرِيمَةِ،

(۱) اَلتَّرْقِيمُ اوقاف لگانا، علامات لگانا۔ (۲) ہماری دولت (۳) موسم، مفرد فَصْلٌ۔

وَمَا أَمَرَ بِهِ مِنَ الْأَمْرِ بِالْمَعْرُوفِ، وَالنَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَالْإِصْلَاحِ بَيْنَ النَّاسِ.

(ج) وَتُوضَعُ أَيْضًا بَعْدَ الْمُنَادٰى (یہ اسمِ منادیٰ کے بعد بھی لکھا جاتا ہے)۔ مثلاً:
يَا خَوْلَةُ، اِجْمَعِي الدَّفَاتِرَ(١) مِنَ الطَّالِبَاتِ.

٢- اَلْفَصْلَةُ الْمَنْقُوطَةُ ؛ SEMICOLON

(أ) هِيَ تُوضَعُ بَيْنَ جُمْلَتَيْنِ أُولَاهُمَا سَبَبٌ فِي الْأُخْرٰى (یہ دو ایسے جملوں کے درمیان لکھا جاتا ہے جن میں سے پہلا، دوسرے کا سبب بیان کرتا ہے)۔ مثلاً:

١- خَالِدٌ يُحِبُّهُ الْجَمِيعُ؛ لِأَنَّهُ طَالِبٌ ذَكِيٌّ(٢) وَمُطِيعٌ.

٢- طَرَدَتْ(٣) الْمَدْرَسَةُ طَالِبًا؛ لِأَنَّهُ غَشَّ(٤) فِي الْامْتِحَانِ.

٣- اِرْحَمِ الْحَيَوَانَ، وَلَا تُحَمِّلْهُ(٥) مَا لَا يُطِيقُ؛ لِأَنَّهُ يُحِسُّ وَيَتَأَلَّمُ كَمَا تُحِسُّ أَنْتَ وَتَتَأَلَّمُ.

٤- يَا بُنَيَّ، تَوَاضَعْ، وَلَا تَتَكَبَّرْ؛ فَإِنَّ الْمُتَوَاضِعَ مَحْبُوبٌ، وَالْمُتَكَبِّرَ مَمْقُوتٌ(٦).

(ب) وَكَذٰلِكَ تُوضَعُ بَيْنَ جُمْلَتَيْنِ الثَّانِيَةُ مِنْهُمَا مُسَبَّبَةٌ عَنِ الْأُولٰى (نیز یہ ایسے دو جملوں کے درمیان لکھا جاتا ہے جن میں سے دوسرا، پہلے کا نتیجہ ہوتا ہے)۔ مثلاً:
خَالِدٌ مُجِدٌّ فِي جَمِيعِ دُرُوسِهِ؛ فَلَا غَرَابَةَ(٧) أَنْ يَكُونَ أَوَّلَ فَصْلِهِ(٨).

٣- اَلنُّقْطَةُ . FULL STOP

وَهِيَ تُوضَعُ بِنِهَايَةِ الْجُمْلَةِ التَّامَّةِ الْمَعْنٰى (یہ مکمل جملے کے آخر میں لکھا جاتا ہے)، جیسے اوپر کی تمام مثالوں کے خاتمے پر لکھا گیا ہے۔ مزید دو مثالیں:

١- اَلْعِلْمُ أَفْضَلُ مِنَ الْمَالِ . ٢- إِذَا تَمَّ الْعَقْلُ نَقَصَ الْكَلَامُ .

---

(١) کاپیاں۔ مفرد دَفْتَرٌ (٢) ذہین۔ جمع أَذْكِيَاءُ (٣) نکال دیا طَرَدَ يَطْرُدُ طَرْدًا (٤) خیانت کی نقل کی۔ (٥) اس پر مت لاد۔ (٦) ناپسندیدہ۔ (٧) تو کوئی حیرت نہیں۔ (٨) اپنی جماعت میں اول۔ فَصْلٌ جمع فُصُولٌ، جماعت۔

٤- اَلنُّقْطَتَانِ : COLON

(أ) تُوضَعَانِ بَيْنَ الْقَوْلِ وَمَقُوْلِهِ (یہ لفظ قول کے مشتقات اور جو بات نقل کی گئی ہو، اس کے درمیان لکھے جاتے ہیں)، جیسے :

١- قَالَ حَكِيْمٌ : اَلْعِلْمُ نُوْرٌ، وَالْجَهْلُ ظَلَامٌ .

٢- قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ .

٣- لَا يَقُلْ لِيْ أَحَدٌ بَعْدَ الْيَوْمِ : إِنِّيْ نَسِيْتُ الْكِتَابَ أَوِ الدَّفْتَرَ .

(ب) وَتُوضَعَانِ أَيْضًا بَعْدَ شَيْءٍ سَتُفَصَّلُ أَنْوَاعُهُ أَوْ أَجْزَاؤُهُ (کسی چیز کے بعد جب آگے اس کی قسموں یا اجزا کی تفصیل بیان کی گئی ہو، بھی استعمال ہوتے ہیں)، مثلاً :

١- اَلسَّنَةُ أَرْبَعَةُ فُصُوْلٍ : اَلرَّبِيْعُ، وَالصَّيْفُ، وَالْخَرِيْفُ، وَالشِّتَاءُ .

٢- أَصَابِعُ الْيَدِ خَمْسَةٌ : اَلْإِبْهَامُ(١)، وَالسَّبَّابَةُ، وَالْوُسْطٰى، وَالْخِنْصَرُ، وَالْبِنْصَرُ .

٣- اِثْنَانِ لَا يَشْبَعَانِ : طَالِبُ عِلْمٍ، وَطَالِبُ مَالٍ .

٥- عَلَامَةُ الْاِسْتِفْهَامِ ؟ QUESTION MARK

وَهِيَ تُوضَعُ فِيْ نِهَايَةِ كُلِّ جُمْلَةٍ اِسْتِفْهَامِيَّةٍ يُسْأَلُ بِهَا عَنْ شَيْءٍ (یہ ایسے سوالیہ جملے کے آخر میں لکھی جاتی ہے جس میں کسی چیز کے بارے میں سوال کیا گیا ہو)، مثلاً :

مَا اسْمُكَ ؟ مِنْ أَيْنَ أَنْتَ ؟ مَا عِنْدَكَ مِنَ الْأَخْبَارِ ؟ كَمْ رَاتِبُكَ(٢) ؟ مَا لَكَ مُتْعَبًا(٣) يَا سُهَيْلُ ؟

٦- عَلَامَةُ التَّعَجُّبِ ! EXCLAMATION POINT

وَهِيَ تُوضَعُ فِيْ آخِرِ كُلِّ جُمْلَةٍ يُعَبَّرُ بِهَا عَنْ تَعَجُّبٍ، أَوْ فَرَحٍ، أَوْ حُزْنٍ، أَوْ تَأَسُّفٍ، أَوْ اِسْتِغَاثَةٍ، أَوْ دُعَاءٍ (یہ ایسے جملے کے خاتمہ پر لکھی جاتی ہے جس میں تعجب، خوشی، غم، افسوس، فریاد یا دعا کا اظہار کیا گیا ہو)، مثلاً :

---

(١) انگوٹھا (٢) رَاتِبٌ تنخواہ۔ جمع رَوَاتِبُ (٣) تھکاماندہ۔

١- اَلتَّعَجُّبُ، مِثْلَ مَا أَجْمَلَكَ! مَا أَجْمَلَ هٰذَا الْبُسْتَانَ! مَا أَنْفَعَ هٰذَا الْكِتَابَ! مَا أَصْبَرَكَ! مَا أَكْثَرَ طَلِبَاتِكَ[1]! يَا لَلْعَجَبِ[2]! لِلّٰهِ دَرُّكَ[3]! يَا لَلْحَرِّ[4]! يَا لَلزِّحَامِ[5] وَلِلْجَلَبَةِ!

٢- اَلْفَرَحُ، مِثْلَ وَافَرْحَتَاهُ! يَا بُشْرٰى، هٰذَا غُلَامٌ! يَا بُشْرٰى، نَجَحْتُ فِي الْاِمْتِحَانِ!

٣- اَلْحُزْنُ وَالْأَسَفُ، مِثْلَ وَاأَسَفَاهُ! مَاتَ فُلَانٌ! يَا لَلْكَارِثَةِ[6]! وَامُصِيبَتَاهُ!

٤- اَلْاِسْتِغَاثَةُ، مِثْلَ وَاغَوْثَاهُ[7]! يَا مُعْتَصِمَاهُ! يَا لَلّٰهِ[8] لِلْمَنْكُوبِينَ! اَلنَّارَ النَّارَ! أَغِيثُونَا! وَارَأْسَاهُ! وَارَأْسَاهُ[9]!

٥- اَلدُّعَاءُ، مِثْلَ رَحِمَهُ اللّٰهُ! لَعَنَهُ اللّٰهُ! وَيْلٌ[10] لِلظَّالِمِ!

٧- اَلْقَوْسَانِ ( ) PARENTHESES

وَيُوضَعُ بَيْنَهُمَا الْكَلَامُ الْمُفَسِّرُ لِمَا قَبْلَهُ (ان کے درمیان ایسے الفاظ لکھے جاتے ہیں جو سابقہ کلام کی تشریح یا کسی دوسری زبان میں اس کا ترجمہ بیان کرتے ہوں)۔ مثلاً:
كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْتَكِفُ بِحِرَاءَ (بِكَسْرِ الْحَاءِ) وَتُوُفِّيَتْ أُمُّهُ أٰمِنَةُ بِالْأَبْوَاءِ (قَرْيَةٌ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِينَةِ).

٨- اَلشَّرْطَةُ —— DASH

وَهِيَ تُوضَعُ فِي أَوَّلِ السَّطْرِ الْجَدِيدِ لِلدَّلَالَةِ عَلٰى تَغَيُّرِ الْمُتَكَلِّمِ فِي الْمُحَادَثَةِ[11] (یہ گفتگو میں بولنے والے کی تبدیلی پر دلالت کرنے کا اشارہ ہوتا ہے اور اسے نئی سطر کے شروع میں لکھا جاتا ہے)، مثلاً:

١ —— كَيْفَ أَنْتَ؟
—— بِخَيْرٍ

---

(١) تیرے مطالبات، ضرورتیں طَلِبَاتٌ م طَلِبَةٌ (٢) کتنے حیرت کی بات ہے! (٣) آپ نے کمال کر دیا! (٤) کتنی گرمی ہے! (٥) کس قدر رش اور شور ہے! (٦) کتنا بڑا المیہ ہے! (٧) ہائے مدد! (٨) یا اللہ مصیبت زدگان کی مدد کر! (٩) ہائے سر! (١٠) ظالم تباہ ہو! (١١) گفتگو جمع مُحَادَثَاتٌ۔

٢- سَأَلَ رَجُلٌ مَلَّاحًا : أَيْنَ مَاتَ أَبُوكَ ؟

— فِي الْبَحْرِ .

— وَجَدُّكَ ؟

— فِي الْبَحْرِ .

— أَوَ تَرْكَبُ الْبَحْرَ بَعْدَ هٰذَا ؟[1]

فَقَالَ لَهُ الْمَلَّاحُ : أَيْنَ مَاتَ أَبُوكَ ؟

— عَلَى فِرَاشِهِ .

— وَجَدُّكَ ؟

— عَلَى فِرَاشِهِ .

— أَوَ تَنَامُ عَلَى الْفِرَاشِ بَعْدَ هٰذَا ؟ !

٩- اَلشَّرْطَتَانِ — — DOUBLE DASH

وَيُوضَعُ بَيْنَهُمَا الْجُمْلَةُ الْمُعْتَرِضَةُ الَّتِي يُقْصَدُ بِهَا الدُّعَاءُ، أَوِ الْاِحْتِرَازُ وَغَيْرُ ذٰلِكَ (ان کے درمیان ایسا جملہ معترضہ لکھا جاتا ہے جس سے دعا اور احتراز وغیرہ کا بیان مقصود ہوتا ہے) مثلاً :

١- أَنْتَ — وَفَّقَكَ اللّٰهُ — مُجْتَهِدٌ .

٢- كَانَ مَسْعُودٌ جَالِسًا فِي شُرْفَةِ[2] بَيْتِهِ ، فَرَأَى — وَلَمْ يَكُنْ يَقْصِدُ التَّجَسُّسَ — جَارَهُ يَضْرِبُ ابْنَهُ .

٣- وَ إِنَّهُ لَقَسَمٌ — لَوْ تَعْلَمُونَ — عَظِيمٌ .

١٠- عَلَامَتَا التَّنْصِيصِ " " QUOTATION MARK

وَيُوضَعُ بَيْنَهُمَا مَا يُنْقَلُ مِنْ قُرْآنٍ ، أَوْ حَدِيثٍ ، أَوْ نَحْوِهِمَا (ان کے درمیان قرآن، حدیث وغیرہ کا اقتباس لکھا جاتا ہے)۔ مثلاً :

١- قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : " إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ " .

---

(١) تو سواری کرے گا؟ (٢) شُرْفَةٌ ج شُرَفٌ بالکونی۔

٢. مِنْ كَلَامِ الْعَرَبِ "صَنْعَةٌ فِي الْيَدِ أَمَانٌ مِنَ الْفَقْرِ".

١١- عَلَامَةُ الْمُمَاثَلَةِ „ „ „ DITTO

وَهِيَ تُوضَعُ تَحْتَ الْأَلْفَاظِ الْمُتَكَرِّرَةِ بَدَلَ إِعَادَةِ كِتَابَتِهَا (مکرر الفاظ کو دوبارہ لکھنے کے بجائے یہ علامت لکھی جاتی ہے)۔ مثلاً:

١- اَلْأَفْعَالُ الَّتِي تَنْصِبُ مَفْعُولَيْنِ عَلَى نَوْعَيْنِ:

(١) اَلْأَفْعَالُ الَّتِي تَنْصِبُ مَفْعُولَيْنِ أَصْلُهُمَا مُبْتَدَأٌ وَخَبَرٌ كَظَنَّ وَرَأَى.

(٢) „ „ „ „ „ لَيْسَ أَصْلُهُمَا مُبْتَدَأً وَخَبَرًا كَأَعْطَى وَكَسَا.

١٢- عَلَامَةُ الْحَذْفِ ....

وَهِيَ تُوضَعُ لِلْإِشَارَةِ إِلَى كَلَامٍ مَحْذُوفٍ (یہ اس بات کا اشارہ ہوتا ہے کہ یہاں کچھ کلمات یا کلام محذوف ہے)۔ مثلاً:

١- ذَهَبْتُ إِلَى السُّوقِ وَشَرَيْتُ لَحْمًا وَسُكَّرًا[١]، وَبُنًّا[٢] وَزَيْتًا[٣] وَ....

٢- فِي الْمِحْفَظَةِ كُتُبٌ وَأَشْيَاءُ أُخْرَى: كُرَّاسَاتٌ، وَقَلَمٌ، وَعُلْبَةُ تَلْوِينٍ[٤] وَ.....

---

(١) چینی (٢) کافی (٣) تیل (٤) رنگوں کا ڈبہ

تَمْرِيْنٌ ١

ضَعْ عَلَامَاتِ التَّرْقِيْمِ الْمُنَاسِبَةَ فِي الْفَرَاغَاتِ[1] فِي الْقِطَعِ الْآتِيَةِ، وَاذْكُرْ سَبَبَ وُجُوْدِ كُلِّ وَاحِدَةٍ مِّنْهَا :

(١) مِنْ أَيْنَ أَنْتَ
مِنْ بَاكِسْتَانَ
مِنْ أَيِّ مَدِيْنَةٍ فِي بَاكِسْتَانَ
مِنْ مَدِيْنَةِ سِيَالْكُوْتَ
أَهِيَ الْمَدِيْنَةُ الَّتِيْ وُلِدَ فِيْهَا شَاعِرُ الْإِسْلَامِ مُحَمَّد إِقْبَال
نَعَمْ إِنَّهُ كَانَ وُلِدَ فِيْهَا

(٢) فِي الرَّبِيْعِ يَعْتَدِلُ الْجَوُّ وَيَطِيْبُ الْهَوَاءُ وَتَصْفُو السَّمَاءُ وَتَتَفَتَّحُ الْأَزْهَارُ وَتُوْرِقُ الْأَشْجَارُ مَا أَجْمَلَ الرَّبِيْعَ

(٣) فِي الصَّلَاةِ يَتَوَجَّهُ الْإِنْسَانُ إِلٰى رَبِّهٖ وَيَخْشَعُ لَهُ جَسَدُهُ وَقَلْبُهُ وَيُقَدِّمُ لَهُ تَحِيَّاتِهٖ وَيَتَقَرَّبُ إِلَيْهِ بِتَسْبِيْحِهٖ وَحَمْدِهٖ فَتَنْزِلُ عَلَيْهِ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ مَا أَنْفَعَ الصَّلَاةَ وَمَا أَحْلَاهَا

(٤) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُنِيَ الْإِسْلَامُ عَلٰى خَمْسٍ شَهَادَةِ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَإِقَامِ الصَّلَاةِ وَإِيْتَاءِ الزَّكٰوةِ وَحَجِّ الْبَيْتِ وَصَوْمِ رَمَضَانَ

---

(١) فَرَاغَاتٌ خالی جگہیں مفرد فَرَاغٌ

الدرس الثاني

(١) تَعبِيرَاتٌ عَرَبِيَّةٌ مَعرُوفَةٌ

عربی زبان کے مشہور محاورے

عربی زبان بولتے اور لکھتے ہوئے اس بات کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ آپ جن افعال کو استعمال کر رہے ہیں، وہ لازم ہیں یا متعدی۔ نیز یہ کہ اہل زبان انہیں کس مفہوم اور معنی کی ادائیگی کے لئے کس کس طرح استعمال کرتے ہیں؟ اور پھر یہ بھی کہ اگر فعل کے ساتھ کوئی صِلَہ استعمال ہوتا ہے تو وہ کونسا ہے اور کیسے استعمال ہوتا ہے؟ اس کے علاوہ اہلِ زبان کے ہاں مستعمل اور معروف محاوروں کو سمجھنا اور ان کے استعمال کی مشق بھی ضروری ہے۔

ہم یہاں عربی زبان کے چند معروف اور آسان محاورے درج کر رہے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ اگر آپ انہیں اپنی روزمرہ کی گفتگو اور تحریر میں استعمال کریں گے تو آپ کو عربی زبان کے سمجھنے، بولنے اور لکھنے میں بڑی آسانی ہو جائے گی، اِن شاء اللہ تعالیٰ۔

١- بِأَدَبٍ ادب سے، مؤدبانہ۔ اُدخُلُوا الفَصلَ بِأَدَبٍ. يَا أَولَادُ اِجلِسُوا فِي الفَصلِ بِأَدَبٍ وَهُدُوءٍ(١). تَكَلَّمْ مَعَ الوَالِدَةِ بِأَدَبٍ، وَلَا تَرفَعْ صَوتَكَ. فَاطِمَةُ تَجلِسُ فِي الفَصلِ(٢) بِأَدَبٍ وَلَا تُزعِجُ(٣) أَحَدًا.

٢- أَوَّلًا پہلے، سب سے پہلے۔ أُرِيدُ أَنْ أَذهَبَ إِلَى مُلتَانَ أَوَّلًا. حَفِظتُ القُرآنَ الكَرِيمَ أَوَّلًا ثُمَّ تَعَلَّمتُ العُلُومَ الإِسلَامِيَّةَ وَاللُّغَةَ العَرَبِيَّةَ. يَا خَالِدُ اِقرَأِ الأَسئِلَةَ بِعِنَايَةٍ(٤) أَوَّلًا ثُمَّ أَجِبْ(٥) عَنهَا. أَوَّلًا نُصَلِّي العَصرَ ثُمَّ نَلعَبُ كُرَةَ(٦) القَدَمِ.

٣- لِأَوَّلِ مَرَّةٍ پہلی دفعہ، پہلی بار۔ زُرتُ مَدِينَةَ لَاهُورَ أَمسِ(٧) لِأَوَّلِ مَرَّةٍ، وَأُعجِبتُ(٨) بِجَمَالِهَا. لَعَلَّكَ زُرتَ كَشمِيرَ لِأَوَّلِ مَرَّةٍ؟ نَعَمْ يَا أَخِي! أَزُورُ كَشمِيرَ اليَومَ لِأَوَّلِ مَرَّةٍ. أُسَافِرُ بِالقِطَارِ لِأَوَّلِ مَرَّةٍ فِي حَيَاتِي. رَأَيتُ هٰذَا

---

(١) سکون (٢) کلاس میں (٣) تنگ نہیں کرتی (٤) توجہ سے (٥) کا جواب دو (٦) فٹ بال (٧) کل (گذشتہ) (٨) میں حیرت میں پڑ گیا۔ مجھے تعجب ہوا۔

الكِتَابَ لِأَوَّلِ مَرَّةٍ. شَرِبْتُ مَاءَ زَمْزَمَ اليَوْمَ لِأَوَّلِ مَرَّةٍ، وَالحَمْدُ لِلّٰهِ.

٤. اَلْآنَ اب أَنَا الْآنَ ابْنُ عَشْرِ سِنِيْنَ وَأَدْرُسُ[1] فِي الصَّفِّ السَّادِسِ. إِلَى أَيْنَ أَنْتُمُ الْآنَ ذَاهِبُوْنَ[2]؟ نَحْنُ ذَاهِبُوْنَ إِلَى وَزَارَةِ التَّعْلِيْمِ. أُرِيْدُ أَنْ أَنَامَ الْآنَ. قَدْ تَحَرَّكَ الْقِطَارُ الْآنَ. إِلَى أَيْنَ تَذْهَبُ الْآنَ؟ أَذْهَبُ الْآنَ إِلَى مَكْتَبِ[3] الْبَرِيْدِ.

٥. إِلَى الْآنَ اب تک، ابھی تک لَمْ يَحْضُرِ الْمُدِيْرُ[4] إِلَى الْآنَ[5]. لَمْ يُفْتَحْ مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ إِلَى الْآنَ. أَلَمْ تَحْفَظْ دَرْسَكَ إِلَى الْآنَ. أَلَمْ تُصَلِّ الْعَصْرَ إِلَى الْآنَ؟

٦. حَتَّى الْآنَ اب تک، ابھی تک لَمْ تَطْلُعِ الشَّمْسُ حَتَّى الْآنَ. إِنَّنِيْ أَذْكُرُ[6] ذٰلِكَ حَتَّى الْآنَ. لِمَاذَا لَمْ يَعُدْ[7] خَالِدٌ مِنَ الْمَدْرَسَةِ حَتَّى الْآنَ؟ لَعَلَّ حَافِلَةَ[8] الْمَدْرَسَةِ لَمْ تَصِلْ[9] حَتَّى الْآنَ.

٧. مُنْذُ الْآنَ ابھی سے يَجِبُ أَنْ نَسْتَعِدَّ[10] لِلْاِمْتِحَانِ مُنْذُ الْآنَ. لَقَدِ ابْتَدَأَتِ الْاِسْتِعْدَادَاتُ[11] لِلْعَرْضِ[12] الْعَسْكَرِيِّ مُنْذُ الْآنَ. عَلَيْكَ[13] أَنْ تَجْتَهِدَ[14] فِي الدُّرُوْسِ مُنْذُ الْآنَ. أُرِيْدُ أَنْ أَبْدَأَ الْعَمَلَ مُنْذُ الْآنَ.

٨. فِي الْبِدَايَةِ شروع میں، شروع شروع میں أُرِيْدُ السَّفَرَ إِلَى كَرَاتْشِيْ فِيْ بِدَايَةِ الصَّيْفِ[15]. فِي الْبِدَايَةِ مَا كُنْتُ أَعْرِفُ الْقِرَاءَةَ وَ الْكِتَابَةَ ثُمَّ تَعَلَّمْتُ كُلَّ شَيْءٍ. فِي الْبِدَايَةِ كُنْتُ أَظُنُّ أَنَّ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ صَعْبَةٌ[16] ثُمَّ وَجَدْتُهَا لُغَةً جَمِيْلَةً وَ سَهْلَةً يَتَعَلَّمُهَا الْإِنْسَانُ بِسُهُوْلَةٍ[17].
مَنْ تَعِبَ[18] فِي الْبِدَايَةِ ارْتَاحَ[19] فِي النِّهَايَةِ[20].

---

(١) میں پڑھتا ہوں (٢) جا رہے ہو (٣) ڈاک خانہ (٤) ناظم، ہیڈ ماسٹر (٥) اَلْآنَ ظرف مبنی عَلَی الْفَتْحِ ہے۔ اس لئے اس سے پہلے حرفِ جر آنے کے باوجود یہ مفتوح رہے گی۔ جیسے إِلَى الْآنَ، حَتَّى الْآنَ، مُنْذُ الْآنَ وغیرہ۔ (٦) مجھے یاد ہے (٧) نہیں لوٹا (٨) بس ج حَافِلَاتٌ (٩) نہیں پہنچی (١٠) ہم تیاری کریں (١١) تیاریاں مفرد اِسْتِعْدَادٌ (١٢) فوجی پریڈ (١٣) تجھ پر لازم ہے، تیرا فرض ہے (١٤) تو محنت کرے (١٥) موسم گرما (١٦) مشکل (١٧) آسانی سے (١٨) محنت کرے، مشقت اٹھائے تَعِبَ يَتْعَبُ تَعَبًا (١٩) آرام کرے، راحت پائے اِرْتَاحَ يَرْتَاحُ اِرْتِيَاحًا (٢٠) انجام، انتہا

٩- مِنَ الْبِدَايَةِ شروع سے، آغاز ہی سے۔ قَرَأْتُ هٰذَا الْكِتَابَ مِنَ الْبِدَايَةِ حَتَّى النِّهَايَةِ. كُنْتُ أَعْرِفُ هٰذِهِ الْحَقِيْقَةَ مِنَ الْبِدَايَةِ. هٰذَا الْوَلَدُ مُجْتَهِدٌ(١) فِيْ دُرُوْسِهٖ مِنَ الْبِدَايَةِ. وَكَانَ أَخُوْهُ يَكْسَلُ(٢) فِيْ كِتَابَةِ الْوَاجِبِ مِنَ الْبِدَايَةِ.

١٠- لَابُدَّ مِنْ اس کے بغیر چارہ نہیں ہے، ضروری ہے، ناگزیر ہے۔ وَلَابُدَّ مِنْ حِيْلَةٍ(٣) لِلْخَلَاصِ(٤) مِنْ هٰذِهِ الْمُشْكِلَةِ. لَابُدَّ مِنْ حَلٍّ مُنَاسِبٍ لِهٰذِهِ الْمُشْكِلَةِ. إِذَا كَانَ لَابُدَّ مِنَ الذَّهَابِ إِلَى السُّوْقِ فَاذْهَبِ الْآنَ. لَابُدَّ مِنْ هٰذَا السَّفَرِ. لَابُدَّ مِنْ ذٰلِكَ. لَابُدَّ مِنْ مِفْتَاحٍ يَفْتَحُ الْقُفْلَ. لَابُدَّ لَكَ مِنْ كِتَابٍ مُفِيْدٍ فِي النَّحْوِ.

١١- بَدَلًا مِنْ کے بجائے، کی جگہ، کے بدلے میں۔ اِفْعَلْ شَيْئًا بَدَلًا مِنَ الْكَلَامِ. أَمَرَ اللّٰهُ إِبْرَاهِيْمَ أَنْ يَذْبَحَ الْكَبْشَ(٥) بَدَلًا مِنْ إِسْمَاعِيْلَ. لِمَاذَا اخْتَرْتَ(٦) هٰذَا الْكِتَابَ بَدَلًا مِنْ ذَالِكَ؟ لِأَنَّ هٰذَا أَنْفَعُ مِنْهُ. اَلْوَالِدُ يَسْتَعْمِلُ السَّجَّادَةَ(٧) بَدَلًا مِنَ الْكُرْسِيِّ. لِمَاذَا تَجْلِسُ عَلَى الْأَرْضِ بَدَلًا مِنَ الْكُرْسِيِّ؟ أَعْطَانِيَ الطَّبِيْبُ دَوَاءً جَدِيْدًا بَدَلًا مِنَ الدَّوَاءِ الْقَدِيْمِ.

١٢- فِيْ إِجَازَةٍ رخصت پر۔ لَعَلَّكَ الْيَوْمَ فِيْ إِجَازَةٍ؟ نَعَمْ أَخَذْتُ الْيَوْمَ إِجَازَةَ يَوْمَيْنِ. لَا يَزَالُ(٨) الْوَالِدُ فِيْ إِجَازَةٍ. لِمَاذَا لَمْ يَحْضُرِ الْأُسْتَاذُ الْيَوْمَ؟ سَمِعْتُ أَنَّهُ الْيَوْمَ فِيْ إِجَازَةٍ. نَعَمْ هُوَ الْيَوْمَ فِيْ إِجَازَةٍ.

١٣- بِحَاجَةٍ إِلٰى کی ضرورت ہونا، کا حاجتمند ہونا، ضرورتمند۔ هٰذِهِ السَّيَّارَةُ بِحَاجَةٍ إِلٰى إِصْلَاحٍ(٩). اَلْمَرِيْضُ بِحَاجَةٍ إِلَى الرَّاحَةِ. اَلْوَطَنُ بِحَاجَةٍ

---

(١) محنتی (٢) سستی کرتا ہے كَسِلَ يَكْسَلُ كَسَلًا (٣) تدبیر جمع حِيَلٌ (٤) نجات (٥) مینڈھا (٦) تم نے پسند کی اِخْتَارَ يَخْتَارُ اِخْتِيَارًا (٧) غالیچہ ج سَجَاجِيْدُ (٨) ابھی تک ہے۔ (٩) مرمت۔

إِلَى الْمُوَاطِنِينَ[١] الْمُخْلِصِينَ . أَنَا بِحَاجَةٍ إِلَى خَمْسِ كُرَّاسَاتٍ[٢]
لَسْنَا بِحَاجَةٍ إِلَى مُسَاعَدَةِ[٣] الْكُفَّارِ . اَلْمُجَاهِدُونَ بِحَاجَةٍ
إِلَى مُسَاعَدَتِنَا .

١٤. فِي حَاجَةٍ (إِلَى) کامنرورتمند ، کی ضرورت ہے . اَلنَّاسُ فِي حَاجَةٍ إِلَى الْمَطَرِ .
اِشْتَدَّ الْحَرُّ[٤] وَأَصْبَحَتِ الْمَحَاصِيلُ[٥] الزِّرَاعِيَّةُ فِي حَاجَةٍ
إِلَى الْمَطَرِ . اَلْمُجَاهِدُونَ فِي حَاجَةٍ إِلَى أَسْلِحَةٍ . اَلْفُقَرَاءُ
فِي حَاجَةٍ إِلَى مُسَاعَدَتِنَا . أَنَا فِي حَاجَةٍ إِلَى عَمَلٍ .
لَيْسَ الطَّالِبُ فِي حَاجَةٍ إِلَى هٰذَا الْكِتَابِ . أَنَا الْآنَ
فِي حَاجَةٍ إِلَى الرَّاحَةِ .

١٥. عِنْدَ الْحَاجَةِ بوقتِ ضرورت ، ضرورت کے وقت . يَجِبُ أَنْ تُعِينَ[٦] جِيرَانَكَ[٧]
عِنْدَ الْحَاجَةِ . هٰذَا صَدِيقٌ وَفِيٌّ[٨] يُسَاعِدُنَا عِنْدَ الْحَاجَةِ .
أَكْتُبُ الْمَعْلُومَاتِ الْخَاصَّةَ فِي كُرَّاسَةٍ خَاصَّةٍ لِأَرْجِعَ إِلَيْهَا
عِنْدَ الْحَاجَةِ . تَرْتِيبُ الْأَشْيَاءِ يُسَهِّلُ[٩] الْحُصُولَ[١٠] عَلَيْهَا
بِسُرْعَةٍ عِنْدَ الْحَاجَةِ .

١٦. لِغَيْرِ حَاجَةٍ بلاضرورت . لَا تَشْتَرِ الْكَرَارِيسَ[١١] لِغَيْرِ حَاجَةٍ . لَا أَتَكَلَّمُ
فِي الْفَصْلِ لِغَيْرِ حَاجَةٍ . لَا تَأْكُلْ شَيْئًا لِغَيْرِ حَاجَةٍ .

١٧. مِنْ غَيْرِ حَاجَةٍ بلاضرورت . لَا تَطْلُبُوا الْإِجَازَاتِ مِنْ غَيْرِ حَاجَةٍ شَدِيدَةٍ . لَا
أَسْأَلُكَ شَيْئًا مِنْ غَيْرِ حَاجَةٍ . لَا تَتَكَلَّمِي مِنْ غَيْرِ حَاجَةٍ ،
وَلَا تَرْفَعِي صَوْتَكِ .

١٨. حَالًا ابھی ، ابھی ابھی ، فوراً ، موقع پر . لَقَدْ وَصَلَتِ الْحَافِلَةُ حَالًا .
قَدْ نَزَلَتِ الطَّائِرَةُ فِي الْمَطَارِ[١٢] حَالًا . سَأَكْتُبُ الرِّسَالَةَ
حَالًا . لَقَدْ وَصَلَ الْبَرِيدُ[١٣] حَالًا . اِتَّصِلْ[١٤] بِالْوَالِدِ حَالًا وَ

---

(١) شہریوں ، مفرد مُوَاطِنٌ (٢) کاپیاں ، مفرد كُرَّاسَةٌ (٣) مدد (٤) گرمی (٥) فصلیں ، مفرد مَحْصُولٌ (٦) تو مدد کرے .
أَعَانَ يُعِينُ إِعَانَةً مدد کرنا (٧) اپنے پڑوسیوں کی ، مفرد جَارٌ (٨) وفادار ، جمع أَوْفِيَاءُ (٩) آسان بناتا ہے (١٠) دستیابی
(١١) کاپیاں ، مفرد كُرَّاسَةٌ (١٢) ہوائی اڈہ ، جمع مَطَارَاتٌ (١٣) ڈاک (١٤) رابطہ قائم کرو

أَخْبِرْهُ بِنَجَاحِكَ الْبَاهِرِ[1].

۱۹۔ فِي الْحَالِ ابھی، ابھی ابھی، فورًا، فی الفور۔ سَأَحْضُرُ إِلَيْكَ فِي الْحَالِ۔ نَادِ[2] سَعِيدًا وَلْيَحْضُرْ فِي الْحَالِ۔ سَأَكْتُبُ الْوَاجِبَ فِي الْحَالِ۔ جُرِحَ شَخْصٌ شَدِيدًا وَمَاتَ فِي الْحَالِ۔ وَقَعَ عُصَيْفِيرٌ[3] مِنَ الْوَكْرِ[4] فَمَاتَ فِي الْحَالِ۔

۲۰۔ لِلْحَالِ۔ ابھی، ابھی ابھی، فورًا، فی الفور۔ غَلَبَهُ التَّعَبُ فَنَامَ لِلْحَالِ۔ سَأَذْهَبُ لِلْحَالِ۔

۲۱۔ عَلَى كُلِّ حَالٍ۔ ہر حالت میں، بہرحال۔ عَلَى كُلِّ حَالٍ نَحْنُ شَاكِرُونَ لَكَ جِدًّا۔ سَأَكُونُ عَلَى كُلِّ حَالٍ فِي انْتِظَارِكَ۔ شُكْرًا لَكَ عَلَى كُلِّ حَالٍ۔ سَأَنْتَظِرُكَ عَلَى كُلِّ حَالٍ۔

تمرین ۲

اِسْتَعْمِلْ كُلَّ تَعْبِيرٍ مِنَ التَّعَابِيرِ الْآتِيَةِ فِي جُمْلَتَيْنِ:

بِأَدَبٍ، أَوَّلًا، لِأَوَّلِ مَرَّةٍ، اَلْآنَ، إِلَى الْآنَ، حَتَّى الْآنَ مُنْذُ الْآنَ، فِي الْبِدَايَةِ، مِنَ الْبِدَايَةِ، لَابُدَّ مِنْ، بَدَلًا مِنْ، فِي إِجَازَةٍ، بِحَاجَةٍ إِلَى، فِي حَاجَةٍ إِلَى، عِنْدَ الْحَاجَةِ، لِغَيْرِ حَاجَةٍ مِنْ غَيْرِ حَاجَةٍ، حَالًا، فِي الْحَالِ، لِلْحَالِ، عَلَى كُلِّ حَالٍ۔

تمرین ۳

تَرْجِمْ إِلَى اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ:

میں ادب سے بیٹھتا ہوں۔ میں ادب سے بات کرتا ہوں۔ استاد سے ادب سے بات کرو۔ میں پہلے کھانا کھاؤں گا۔ میں پہلے قرآن کریم حفظ کروں گا۔ میں پہلے نماز پڑھوں گی پھر سکول کا کام لکھوں گی۔ میں نے تجھے پہلی بار دیکھا ہے۔ میں نے

---

(۱) نمایاں (۲) بلاؤ (۳) چھوٹی چڑیا (۴) گھونسلہ، جمع أَوْكَارٌ

آج پہلی بار اسلام آباد دیکھا ہے۔ مَیں اب آٹھ سال کا ہوں۔ مَیں اب جانا[1] چاہتا ہوں۔ مَیں اب سونا[2] چاہتا ہوں۔ خالد اب تک نہیں پہنچا[3]۔ میں نے ابھی تک سبق یاد نہیں کیا۔ ابھی تک سورج طلوع نہیں ہوا۔ کیا ابھی تک چاند نہیں نکلا؟ میں ابھی سے تیاری کر رہا ہوں۔ ابھی سے کام شروع[4] کر دو۔ شروع میں مَیں خیال[5] کرتا تھا کہ عربی زبان بہت مشکل ہے۔ جو شروع میں محنت کرتا ہے، آخر کار آرام پاتا ہے۔ میں شروع ہی سے عربی زبان کو پسند کرتا تھا۔ وہ شروع سے محنت کرتا ہے۔ اِس کتاب کے بغیر کوئی چارا نہیں ہے۔ چابی کے بغیر چارا نہیں۔ میں چائے کے بجائے دودھ پیوں گا۔ باتوں کے بجائے کچھ کرو۔ شاید آپ آج رخصت پر ہیں؟ ہاں! میں آج رخصت پر ہوں۔ ہم آج رخصت پر ہیں۔

تمرین ٤

تَرْجِمِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ إِلَى اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ:

میری گھڑی کو مرمت کی ضرورت ہے۔ فاطمہ کو تین کتابوں اور چار کاپیوں کی ضرورت ہے۔ ہمیں آپ کی مدد کی ضرورت ہے۔ مجاہدین کو ہماری مدد کی ضرورت ہے۔ مریض کو آرام کی ضرورت ہے۔ ضرورت کے وقت اپنے ساتھیوں[6] کی مدد کرو۔ عائشہ! ضرورت کے وقت اپنی بہنوں[7] کی مدد کرو۔ خالد ضرورت کے وقت ہماری مدد کرتا ہے۔ بلاضرورت چیزیں مت خریدو۔ بلاضرورت مت بولو۔ بلاضرورت غیر حاضری[8] نہ کرو۔ بلاضرورت رخصت طلب نہ کرو۔ خالد ابھی پہنچا ہے۔ ڈاک ابھی آئی ہے۔ میں ابھی کام[9] لکھوں گا۔ میں ابھی حاضر ہوتا ہوں۔ مَیں فوراً جاؤں گا۔ میں بہرحال آپ کا انتظار کروں گا۔ ہم ہر حالت میں آپ کے شکر گزار ہیں۔

---

(۱) أُرِيدُ أَنْ أَذْهَبَ (۲) أُرِيدُ أَنْ أَنَامَ (۳) لَمْ يَصِلْ (٤) اِبْدَأْ (٥) كُنْتُ أَظُنُّ (٦) زُمَلَاءَكَ (۷) أَخَوَاتِكِ (۸) لَا تَغِبْ (۹) الْوَاجِبَ۔

اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ

(٢) تَعْبِيْرَاتٌ عَرَبِيَّةٌ مَعْرُوْفَةٌ

٢٢- بِخَيْرٍ خیریت سے عِيْدٌ سَعِيْدٌ يَا صَدِيْقِيْ وَكُلَّ عَامٍ(١) وَأَنْتُمْ بِخَيْرٍ. عِيْدٌ مُبَارَكٌ يَا أُمِّيْ وَكُلَّ عَامٍ وَأَنْتُمْ بِخَيْرٍ. أَبِيْ وَأُمِّيْ وَكُلُّ الْأُسْرَةِ بِخَيْرٍ وَأَرْجُوْ أَنْ تَكُوْنَ أَنْتَ بِخَيْرٍ. كَيْفَ حَالُ أَبِيْكَ الْآنَ يَا فَاطِمَةُ؟ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ هُوَ الْآنَ بِخَيْرٍ وَحَالَتُهُ جَيِّدَةٌ.

٢٣- بِسُرْعَةٍ جلدی، جلدی سے - عَدْنَانُ خَيَّاطٌ(٢) مَاهِرٌ يَخِيْطُ(٣) الْقُمَاشَ(٤) بِسُرْعَةٍ. أَكْمِلْ عَمَلَكَ بِسُرْعَةٍ. تَعَالَ(٥) بِسُرْعَةٍ. عُدْ إِلَيْنَا بِسُرْعَةٍ. أَكْثِرْ قِرَاءَةَ هٰذَا الْكِتَابِ تَتَعَلَّمِ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ بِسُرْعَةٍ. اُنْظُرْ يَا أَخِيْ كَيْفَ تَمُرُّ الْمَنَاظِرُ أَمَامَ الْعُيُوْنِ بِسُرْعَةٍ!

٢٤- بِسُهُوْلَةٍ آسانی سے. تَعَلَّمَتِ الْوَالِدَةُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ بِسُرْعَةٍ وَهِيَ الْآنَ تَقْرَأُهَا وَتَتَحَدَّثُهَا(٦) بِسُهُوْلَةٍ. لَعَلَّكَ وَصَلْتَ إِلٰى مَنْزِلِنَا بِصُعُوْبَةٍ(٧)؟ لَا يَا أَخِيْ، لَقَدْ وَصَلْتُ بِسُهُوْلَةٍ. أَسْتَطِيْعُ حَمْلَ هٰذِهِ الْحَقِيْبَةِ(٨) بِسُهُوْلَةٍ. اَلْيَوْمَ لَسْتُ بِحَاجَةٍ إِلٰى مُسَاعَدَتِكِ يَا أُخْتِيْ، لِأَنَّنِيْ أَسْتَطِيْعُ حَلَّ هٰذِهِ الْأَسْئِلَةِ بِسُهُوْلَةٍ.

٢٥- بِشَوْقٍ شوق سے . يَذْهَبُ فَرِيْدٌ إِلَى الْمَدْرَسَةِ بِشَوْقٍ. أُخْتِيْ تَتَكَلَّمُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ بِشَوْقٍ. تَعَلَّمُوا اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ بِشَوْقٍ لِأَنَّهَا مِفْتَاحُ الْقُرْآنِ وَالْحَدِيْثِ. خَالِدٌ وَلَدٌ ذَكِيٌّ(٩) يَجْتَهِدُ فِيْ دُرُوْسِهِ وَيَعْمَلُ وَاجِبَهُ بِشَوْقٍ.

٢٦- بِعِنَايَةٍ توجہ سے، غور سے اُنْظُرْ إِلَى السَّبُّوْرَةِ بِعِنَايَةٍ. يَجِبُ عَلٰى كُلِّ عَامِلٍ أَنْ يَسْتَعْمِلَ الْمَكَائِنَ(١٠) بِعِنَايَةٍ وَحَذَرٍ. يَا خَدِيْجَةُ

---

(١) عَامٌ سال، آپ ہر سال خیریت سے رہیں۔ یہ جملہ مبارکباد دینے کے لئے بولا جاتا ہے (٢) درزی۔ (٣) سیتا ہے (٤) کپڑا۔ جمع أَقْمِشَةٌ (٥) آؤ (٦) بولتی ہے (٧) دقت سے، مشکل (٨) بیگ جمع حَقَائِبُ (٩) ذہین جمع أَذْكِيَاءُ (١٠) مشینیں مفرد مَكِنَةٌ.

أُكْتُبِي دَرْسَكِ بِعِنَايَةٍ . كَانَ الْمُشَاهِدُونَ يَنْظُرُونَ إِلَى الْوَحَدَاتِ الْعَسْكَرِيَّةِ بِعِنَايَةٍ . يَقُودُ السَّائِقُ السَّيَّارَةَ بِعِنَايَةٍ وَمَهَارَةٍ .

٢٧- فَوْرًا فوراً اِذْهَبْ إِلَى الْمَدْرَسَةِ فَوْرًا وَلَا تَتَأَخَّرْ . أَحْضِرِ(١) الْمَاءَ فَوْرًا . اِذْهَبْ(٢) بِهِ إِلَى الْمُسْتَشْفَى فَوْرًا . نُقِلَ الْجَرْحَى(٣) إِلَى الْمُسْتَشْفَى فَوْرًا . سَأَتَّصِلُ(٤) بِالْوَالِدِ فَوْرًا وَأُخْبِرُهُ بِهٰذَا الْاِقْتِرَاحِ(٥) .

٢٨- قَبْلَ پہلے، قبل مَتَى جِئْتُمُ الْمَطَارَ؟ وَصَلْنَا قَبْلَ نُزُولِ الطَّائِرَةِ . دَخَلْنَا الْمَسْجِدَ قَبْلَ بَدْءِ الْخُطْبَةِ . لَا يَخْرُجُ أَحَدٌ مِنَ الْفَصْلِ قَبْلَ اِنْتِهَاءِ الْحِصَّةِ(٦) . اِجْلِسُوا فِي مَقَاعِدِكُمْ قَبْلَ حُضُورِ الْأُسْتَاذِ .

٢٩- قُبَيْلَ تھوڑی دیر پہلے مَتَى تَعُودُ مِنَ الْمَلْعَبِ؟ سَأَعُودُ قُبَيْلَ الْمَغْرِبِ . نَزَلَتِ الطَّائِرَةُ بِمَطَارِ إِسْلَام آبَاد قُبَيْلَ الْفَجْرِ . صَارَ(٧) الطُّلَّابُ يَجْتَهِدُونَ الْآنَ قُبَيْلَ الْاِمْتِحَانِ . عُدْتُ قُبَيْلَ الْفُسْحَةِ(٨) .

٣٠- قَلِيلًا تھوڑا لَعَلَّكَ اِنْتَظَرْتَنَا طَوِيلًا؟ لَا ، اِنْتَظَرْتُ قَلِيلًا . أَنَا أَتَكَلَّمُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ قَلِيلًا . اِصْبِرْ قَلِيلًا ، اِسْتَرِيحُوا(٩) قَلِيلًا .

٣١- قَبْلَ قَلِيلٍ تھوڑی دیر پہلے مَتَى رَجَعْتَ مِنَ السَّفَرِ؟ رَجَعْتُ قَبْلَ قَلِيلٍ . أَيْنَ أَبُوكَ يَا مُحَمَّدُ؟ كَانَ مَوْجُودًا فِي الْبَيْتِ قَبْلَ قَلِيلٍ . مَتَى سَمِعْتَ هٰذَا الْخَبَرَ؟ سَمِعْتُهُ مِنَ الْإِذَاعَةِ قَبْلَ قَلِيلٍ .

٣٢- بَعْدَ قَلِيلٍ تھوڑی دیر بعد حَدَثَ حَرِيقٌ(١٠) فِي مَنْزِلٍ فِي حَيِّنَا ، فَاتَّصَلَ أَبِي بِرِجَالِ الْإِطْفَاءِ(١١) فَوْرًا وَأَخْبَرَهُمْ بِالْحَرِيقِ . وَبَعْدَ قَلِيلٍ

---

(١) لاؤ (٢) اسے لے جاؤ (٣) زخمیوں مفرد جَرِيحٌ (٤) میں رابطہ کروں گا اِتَّصَلَ يَتَّصِلُ اِتِّصَالًا (بِ) کسی سے رابطہ کرنا (٥) تجویز جمع اِقْتِرَاحَاتٌ (٦) پیریڈ جمع حِصَصٌ (٧) طلبہ محنت کرنے لگے ہیں (٨) تفریح جمع فُسَحٌ (٩) آرام کرو (١٠) آتشزدگی (١١) اَلْإِطْفَاءُ بجھانا رِجَالُ الْإِطْفَاءِ آگ بجھانے والا عملہ۔

أَتَى رِجَالُ الْإِطْفَاءِ وَتَمَكَّنُوا[١] مِنْ إِطْفَاءِ النَّارِ. مَتَى تَعُوْدُ الْوَالِدَةُ مِنَ السُّوْقِ؟ سَتَعُوْدُ بَعْدَ قَلِيْلٍ. مَتَى يَنْتَهِي الدَّرْسُ؟ سَيَنْتَهِي بَعْدَ قَلِيْلٍ.

٣٣- بِقُوَّةٍ زور سے، مضبوطی سے أَمْسِكِ[٢] السِّكِّيْنَ بِقُوَّةٍ يَا خَالِدُ. تَمَسَّكْ[٣] بِالْأَخْلَاقِ وَالْآدَابِ الْإِسْلَامِيَّةِ بِقُوَّةٍ. هَتَفُوْا[٤] بِقُوَّةٍ: عَاشَتْ[٥] بَاكِسْتَانُ. أَغْلِقِ الْبَابَ بِقُوَّةٍ.

٣٤- بِالْمَجَّانِ مفت، بلامعاوضہ اَلتَّعْلِيْمُ فِي الْمَرْحَلَةِ الْإِبْتِدَائِيَّةِ بِالْمَجَّانِ. يَتَعَلَّمُ الطُّلَّابُ فِي الْمَدَارِسِ الْإِسْلَامِيَّةِ بِالْمَجَّانِ. وَكَذٰلِكَ السَّكَنُ[٦] وَالطَّعَامُ فِيْهَا بِالْمَجَّانِ. اَلسَّكَنُ فِيْ هٰذَا الرِّبَاطِ[٧] بِالْمَجَّانِ. أَلَيْسَ النَّقْلُ[٨] بِحَافِلَاتِ الْجَامِعَةِ بِالْمَجَّانِ؟ نَعَمْ! وَلٰكِنْ لِلطُّلَّابِ فَقَطْ.

٣٥- مُنْذُ سے يَجِبُ عَلَى كُلِّ طَالِبٍ أَنْ يَسْتَعِدَّ لِلْإِمْتِحَانِ مُنْذُ الْآنَ. أَنْتَظِرُكَ مُنْذُ سَاعَةٍ. نَنْتَظِرُ عَمِيْدَ[٩] الْكُلِّيَّةِ مُنْذُ سَاعَتَيْنِ. هُوَ غَائِبٌ مُنْذُ أُسْبُوْعٍ. نَسْكُنُ فِيْ هٰذَا الْبَيْتِ مُنْذُ سَنَةٍ. أَعْرِفُ هٰذَا التَّاجِرَ مُنْذُ خَمْسِ سَنَوَاتٍ.

٣٦- حَتَّى النِّهَايَةِ آخر تک قَرَأْتُ هٰذَا الْكِتَابَ مِنَ الْبِدَايَةِ حَتَّى النِّهَايَةِ. وَجَدْتُ هٰذِهِ الْقِصَّةَ مُمْتِعَةً[١٠] حَتَّى النِّهَايَةِ. مَا زَالَ الطِّفْلُ نَائِمًا حَتَّى النِّهَايَةِ.

٣٧- فِي النِّهَايَةِ آخر میں، اختتام پر وَفِي النِّهَايَةِ وَزَّعَ[١١] الضَّيْفُ الْجَوَائِزَ عَلَى الطَّالِبَاتِ النَّاجِحَاتِ بِامْتِيَازٍ[١٢]. فِي النِّهَايَةِ شَكَرَتِ الْمُدِيْرَةُ الْمَدْعُوَّاتِ. وَفِي النِّهَايَةِ أُسَلِّمُ عَلَيْكُمْ وَعَلَى إِخْوَتِيْ وَأُخْتِيْ. وَفِي النِّهَايَةِ أَشْكُرُ جَمِيْعَ الضُّيُوْفِ شُكْرًا

---

(١) کامیاب ہوگئے (٢) پکڑو (٣) پابندی کرو (٤) انہوں نے نعرے لگائے (٥) پاکستان زندہ باد (٦) رہائش۔
(٧) سرائے (٨) سواری، ٹرانسپورٹ (٩) پرنسپل (١٠) دلچسپ (١١) تقسیم کئے (١٢) نمایاں حیثیت سے۔

جَزِيلًا .

۳۸- بِهُدُوْءٍ سکون سے اِجْلِسْ عَلَى مَقْعَدِكَ بِهُدُوْءٍ . سَارَ الطُّلَّابُ إِلَى فُصُوْلِهِمْ بِهُدُوْءٍ وَنِظَامٍ . يَا سَائِقُ لَا تُسْرِعْ فِي السَّيْرِ . اِمْشِ بِهُدُوْءٍ . عُبَيْدُ الرَّحْمٰنِ سَائِقٌ ذَكِيٌّ يَقُوْدُ[1] السَّيَّارَةَ بِهُدُوْءٍ . اِمْشُوْا إِلَى الْمَسْجِدِ بِأَدَبٍ وَهُدُوْءٍ .

۳۹- هُنَا یہاں، اِدھر اِجْلِسْ هُنَا قَرِيْبًا مِنَ السَّبُّوْرَةِ . أَتَسْمَحُ[2] لِي بِالْجُلُوْسِ هُنَا ؟ تَعَالَ هُنَا . قُمْ مِنْ هُنَا وَاجْلِسْ فِي مَقْعَدٍ آخَرَ . لَا تُوْقِفْ[3] سَيَّارَتَكَ هُنَا . اِجْلِسِيْ هُنَا . قِفْ[4] هُنَا .

۴۰- هُنَاكَ وہاں، اُدھر كَمْ تُقِيْمُ هُنَاكَ ؟ سَأُقِيْمُ هُنَاكَ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ . لَعَلَّ الْوَالِدَ هُنَاكَ الْآنَ ؟ لَيْسَ هُنَا الْآنَ . أَوْقِفْ[5] سَيَّارَتَكَ هُنَاكَ . قُمْ مِنْ هُنَا وَاجْلِسْ هُنَاكَ .

۴۱- هُنَا وَهُنَاكَ یہاں وہاں، اِدھر اُدھر اُنْظُرْ إِلَى الْقِطَّةِ كَيْفَ تَقْفِزُ[6] هُنَا وَهُنَاكَ . أَلَا تَزَالُ تَلْعَبُ هُنَا وَهُنَاكَ طُوْلَ النَّهَارِ[7] . أَبْحَثُ[8] عَنِ الْقَلَمِ هُنَا وَهُنَاكَ مُنْذُ سَاعَتَيْنِ .

۴۲- وَاحِدًا وَاحِدًا ایک ایک، ایک ایک کرکے اُدْخُلُوا الْفَصْلَ وَاحِدًا وَاحِدًا . وَقَفَ الْمُدِيْرُ وَاثْنَانِ مِنَ الْمُدَرِّسِيْنَ يَسْتَقْبِلُوْنَ الْمَدْعُوِّيْنَ وَاحِدًا وَاحِدًا . وَقَفَ الْوَالِدُ بِالْبَابِ يُوَدِّعُ الضُّيُوْفَ وَاحِدًا وَاحِدًا . قَابَلْنَا[9] الْمُفَتِّشَ[10] وَاحِدًا وَاحِدًا . أَمْتَحِنُ[11] الطُّلَّابَ وَاحِدًا وَاحِدًا .

۴۳- مِنْ وَقْتٍ لِآخَرَ وقتاً فوقتاً، گاہے گاہے نَزُوْرُ أَقَارِبَنَا[12] مِنْ وَقْتٍ لِآخَرَ . هَلْ أَخَذْتَ رَأْيَ الطَّبِيْبِ ؟ نَعَمْ أُرَاجِعُهُ[13] مِنْ وَقْتٍ لِآخَرَ .

---

(۱) چلاتا ہے . (۲) آپ اجازت دیتے ہیں (۳) نہ کھڑی کرو (۴) رکو (۵) کھڑی کرو (۶) کود رہی ہے (۷) دن بھر (۸) میں تلاش کر رہا ہوں (۹) ہم ملے (۱۰) انسپکٹر (۱۱) میں امتحان لوں گا (۱۲) اپنے رشتہ داروں مفرد أَقْرَبُ (۱۳) میں اس سے رجوع کرتا ہوں، مشورہ لیتا ہوں -

رَاجَعَ طَبِيبُ الْأَطْفَالِ مِنْ وَقْتٍ لِآخَرَ. تُنَظِّمُ الْجَامِعَةُ اِجْتِمَاعَاتٍ دِينِيَّةً مِنْ وَقْتٍ لِآخَرَ. لِي صَدِيقٌ يُدَرِّسُ بِالْجَامِعَةِ الْإِسْلَامِيَّةِ بِالْمَدِينَةِ الْمُنَوَّرَةِ وَأَكْتُبُ إِلَيْهِ الرَّسَائِلَ(١) مِنْ وَقْتٍ لِآخَرَ. نَزُورُ لَاهُورَ مِنْ وَقْتٍ لِآخَرَ.

تمرین ٥

اِسْتَعْمِلْ كُلَّ تَعْبِيرٍ مِنَ التَّعَابِيرِ الْآتِيَةِ فِي جُمْلَتَيْنِ مِنْ عِنْدِكَ:

بِخَيْرٍ، بِسُرْعَةٍ، بِسُهُولَةٍ، بِشَوْقٍ، بِعِنَايَةٍ، فَوْرًا، قَبْلَ، قُبَيْلَ، قَلِيلًا، قَبْلَ قَلِيلٍ، بَعْدَ قَلِيلٍ، بِقُوَّةٍ، بِالْمَجَّانِ، مُنْذُ، حَتَّى النِّهَايَةِ، فِي النِّهَايَةِ، بِهُدُوءٍ، هُنَا، هُنَاكَ، هُنَا وَهُنَاكَ، وَاحِدًا وَاحِدًا، مِنْ وَقْتٍ لِآخَرَ.

تمرین ٦

تَرْجِمِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ إِلَى اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ:

میں خیریت سے ہوں ۔ مجھے امید ہے کہ آپ خیریت سے ہوں گے ۔ سال جلدی بیت(٢) گیا ۔ ریل گاڑی جلدی سے گذر گئی ہے ۔ جلدی آؤ ۔ میں آسانی سے پہنچ گیا ہوں ۔ میں نے آسانی سے عربی زبان سیکھ لی ہے ۔ فاطمہ شوق سے عربی زبان سیکھ رہی ہے ۔ عثمان شوق سے اسکول جاتا ہے ۔ توجہ سے اپنا سبق لکھو ۔ ڈرائیور توجہ اور مہارت سے گاڑی چلا رہا ہے ۔ فورًا پانی پلاؤ ۔ فورًا اسکول جاؤ ۔ اُستاد کی آمد سے پہلے اپنی اپنی سیٹوں پر بیٹھ جاؤ ۔ سبق ختم ہونے سے پہلے کوئی جماعت سے نہ نکلے ۔ میں مغرب سے ذرا پہلے آیا ہوں ۔ وہ تفریح سے تھوڑی دیر پہلے گیا ہے ۔ بس تھوڑی دیر پہلے پہنچی ہے ۔ والدصاحب تھوڑی دیر پہلے باہر(٣) گئے ہیں ۔ تھوڑی دیر بعد ریل گاڑی آگئی ۔ تھوڑی دیر بعد سبق ختم ہو(٤) جائے گا ۔ دروازہ زور سے کھول ۔ کھڑکی زور سے بند کرو ۔

---

(١) خطوط ۔ مفرد رِسَالَةٌ (٢) مَرَّتْ (٣) خَرَجَ (٤) يَنْتَهِي ۔

تمرین ۷

تَرْجِمُ إِلَى اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ:

اس کالج میں طلبہ مفت تعلیم پاتے ہیں۔ کیا اس مدرسے میں تعلیم مفت ہے؟ اسلامی مدارس میں طلبہ بلا معاوضہ تعلیم پاتے ہیں۔ میں ایک گھنٹے سے آپ کا انتظار کر رہا ہوں۔ وہ ایک ہفتے سے غیر حاضر ہے۔ میں اس تاجر کو پانچ سال سے جانتا ہوں۔ میں نے اِس کتاب کو آخر تک پڑھا ہے۔ یہ کتاب آخر تک دلچسپ ہے۔ آخر میں پرنسپل صاحب نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ اختتام پر مہمان نے کامیاب طلبہ میں انعامات[1] تقسیم کئے۔ کلاس میں ادب اور سکون سے بیٹھو۔ سکون سے چلو۔ یہاں بیٹھو۔ یہاں آؤ۔ یہاں ٹھہرو۔ اپنی گاڑی وہاں کھڑی کرو۔ وہاں سے اُٹھ اور یہاں بیٹھ۔ بچے اِدھر اُدھر کھیل رہے ہیں۔ اِدھر اُدھر مت دیکھو۔ ایک ایک کر کے جماعت میں جاؤ۔ آخر میں مَیں نے ایک ایک کر کے مہمانوں کو رخصت[2] کیا۔ میں وَقْتًا فَوَقْتًا لاہور جاتا[3] رہتا ہوں۔ ہم گاہے گاہے خط لکھتے رہتے ہیں۔

---

(۱) جَوَائِزُ مفرد جَائِزَةٌ (۲) وَدَّعْتُ (۳) أَذْهَبُ

اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ

(٣) تَعْبِيرَاتٌ عَرَبِيَّةٌ مَعْرُوفَةٌ

یہاں ہم چند ایسے محاورے درج کر رہے ہیں جو اسم فاعل، اسم مفعول اور اسم تفضیل وغیرہ پر مشتمل ہیں اور عربی زبان میں بکثرت استعمال ہوتے ہیں۔ عربی اِنشا اور ترجمے کی مشق کے لئے ان کا جاننا انتہائی ضروری ہے۔ اِس لئے آپ انہیں خوب یاد کر لیں اور ان کے استعمال کی مشق کریں۔

١- بَعِيْدٌ (عَنْ) سے دور اَلْجَامِعَةُ بَعِيْدَةٌ عَنِ الْمَدِيْنَةِ. حَارَتُنَا[1] بَعِيْدَةٌ عَنْ مَوْقِفِ[2] الْحَافِلَاتِ. يَقَعُ الْمُسْتَشْفٰى فِيْ مَكَانٍ بَعِيْدٍ عَنْ ضَوْضَاءِ[3] السُّوْقِ. ضَعِ الْمِذْيَاعَ بَعِيْدًا عَنْ أَيْدِي الصِّغَارِ. فَيْصَلُ آبَاد بَعِيْدَةٌ عَنْ لَاهُوْر مَسَافَةَ سَاعَتَيْنِ أَوْ أَكْثَرَ.

٢- جَالِسٌ (فِيْ یا عَلٰی) بیٹھا اَلْمُعَلِّمُ جَالِسٌ فِي الْكُرْسِيِّ وَالطُّلَّابُ جَالِسُوْنَ عَلَى الْمَقَاعِدِ[4]. كُنْتُ جَالِسًا فِي الْمَقْعَدِ خَلْفَ السَّائِقِ وَكَانَ رَاكِبَانِ[5] آخَرَانِ جَالِسَيْنِ فِي الْمَقْعَدَيْنِ[6] الْأَمَامِيَّيْنِ.

٣- أَحَبُّ (إِلٰى... مِنْ) سے زیادہ پسند اَلْحَلِيْبُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنَ الشَّايِ. اَللُّغَةُ الْعَرَبِيَّةُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنَ اللُّغَةِ الْإِنْجِلِيْزِيَّةِ. لَيْسَ اللَّعِبُ أَحَبَّ إِلَيْنَا مِنَ الدِّرَاسَةِ. اَلْفَقْرُ وَالصَّبْرُ أَحَبُّ إِلَى الْمُؤْمِنِ مِنْ أَكْلِ الْحَرَامِ.

٤- مُحِبٌّ (لِ) کو پسند کرنے والا، سے محبت رکھنے والا وَلَدُنَا مُحِبٌّ لِلْقِرَاءَةِ. مُدِيْرُنَا مُحِبٌّ لِلنِّظَامِ وَحَرِيْصٌ عَلَى التَّعْلِيْمِ وَالتَّرْبِيَةِ. وَالِدُنَا مُحِبٌّ لِلنَّظَافَةِ وَالتَّرْتِيْبِ. كَانَ شَاعِرُ بَاكِسْتَانَ إِقْبَالُ مُحِبًّا لِلْأُمَّةِ الْمُسْلِمَةِ وَمُهْتَمًّا بِشُؤُوْنِهَا[7].

٥- مُحَافِظٌ (عَلٰى) کا پابند عَبْدُ الرَّحْمٰنِ تَاجِرٌ أَمِيْنٌ وَمُحَافِظٌ عَلٰى مَوَاعِيْدِهِ. يَرْبَحُ التَّاجِرُ مَادَامَ مُحَافِظًا عَلٰى مَوَاعِيْدِهِ[8]. يَجِبُ عَلٰى

---

(١) ہمارا محلہ (٢) بس سٹینڈ (٣) شور (٤) بنچ، سیٹ مفرد مَقْعَدٌ (٥) دو اور سواریاں (٦) اگلی دو سیٹیں (٧) فکرمند شُؤُوْنٌ امور، مفرد شَأْنٌ ہے (٨) مقررہ اوقات، مفرد مِيْعَادٌ ہے۔

الْمَرْأَةِ الْمُسْلِمَةِ أَنْ تَكُوْنَ مُحَافِظَةً عَلَى الْآدَابِ الْإِسْلَامِيَّةِ. يَسُرُّنَا أَنَّكُمْ مُحَافِظُوْنَ عَلَى الْأَخْلَاقِ وَ الْقِيَمِ(١) الْإِسْلَامِيَّةِ.

٦- مُحْتَاجٌ (إِلَى) کا حاجتمند، ضرورتمند سَلْمَى مُحْتَاجَةٌ إِلَى مُسَاعَدَتِكَ(٢). لَعَلَّكَ مُحْتَاجٌ إِلَى مُسَاعَدَتِيْ؟ شُكْرًا، أَنَا مُحْتَاجٌ إِلَيْكَ فِعْلًا. اَلطُّلَّابُ مُحْتَاجُوْنَ إِلَى كِتَابٍ مُفِيْدٍ فِي الْإِنْشَاءِ. اَلْمَرِيْضُ مُحْتَاجٌ إِلَى رَاحَةٍ وَعِلَاجٍ عَاجِلٍ(٣).

٧- مُخْلِصٌ (لِ) کے لئے مخلص كَانَ الْمَرْحُوْمُ مُحَمَّدُ عَلِي جِنَاح قَائِدًا مُخْلِصًا لِلشَّعْبِ. أَحْمَدُ وَشُعَيْبٌ صَدِيْقَانِ، كُلٌّ مِنْهُمَا مُخْلِصٌ لِلْآخَرِ(٤). خَالِدٌ مُجْتَهِدٌ فِيْ عَمَلِهِ وَمُخْلِصٌ لِوَاجِبَاتِهِ(٥). اَلشَّعْبُ مُخْلِصٌ لِلْحَاكِمِ الْعَادِلِ. عَبْدُ الْحَقِّ صَدِيْقٌ مُخْلِصٌ لِيْ.

٨- خَالٍ (مِنْ) سے خالی اَلْقَاعَةُ(٦) الْآنَ خَالِيَةٌ مِنَ النَّاسِ. قُلُوْبُ الْمُجْرِمِيْنَ خَالِيَةٌ مِنَ الشُّعُوْرِ الْإِنْسَانِيِّ الطَّيِّبِ. لَمَّا اقْتَرَبَ مَوْعِدُ الْإِفْطَارِ أَصْبَحَتِ الطُّرُقُ(٧) وَالشَّوَارِعُ(٨) خَالِيَةً مِنَ السَّيَّارَاتِ. دَخَلَ إِبْرَاهِيْمُ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَ السَّلَامُ الْمَعْبَدَ وَكَانَ خَالِيًا مِنَ النَّاسِ فَحَطَّمَ الْأَصْنَامَ. اَلطَّرِيْقُ الْآنَ خَالِيَةٌ مِنَ السَّيَّارَاتِ.

٩- خَائِفٌ (مِنْ) سے ڈرا ہوا اَلْفِيْرَانُ خَائِفَةٌ مِنَ الْقِطَّةِ. اَلْكَسْلَانُ خَائِفٌ مِنَ الْفَشَلِ(٩). لَسْتُ خَائِفًا مِنْ عَوْدَةِ الْمَرَضِ. كَانَ بَنُوْ إِسْرَائِيْلَ خَائِفِيْنَ مِنْ جَالُوْتَ وَ جُنُوْدِهِ. اَلْكُفَّارُ خَائِفُوْنَ مِنْ يَقْظَةِ الْمُسْلِمِيْنَ وَجِهَادِهِمْ.

١٠- ذَاهِبٌ (إِلَى) کو جارہا أَنَا ذَاهِبٌ إِلَى مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ. إِلَى أَيْنَ أَنْتُمُ الْآنَ ذَاهِبُوْنَ؟ نَحْنُ ذَاهِبُوْنَ إِلَى كُوَيْتَه. لَعَلَّكُمْ

---

(١) اسلامی قدریں قِيَمٌ قدریں مفرد قِيْمَةٌ (٢) مُسَاعَدَة مدد (٣) فوری (٤) دوسرے کے لئے (٥) اپنے فرائض مفرد وَاجِبٌ ہے (٦) ہال کمرہ (٧) روڈ اسٹرک مفرد طَرِيْقٌ ہے (٨) سٹریٹ اسٹرک۔ راستہ گلی مفرد شَارِعٌ (٩) ناکامی

ذَاهِبُوْنَ إِلَى الْمَسْجِدِ؟ اَلْحُجَّاجُ ذَاهِبُوْنَ الْيَوْمَ إِلٰى عَرَفَاتٍ.
هٰذَا الْقِطَارُ قَادِمٌ مِنْ كَرَاتْشِيْ وَ ذَاهِبٌ إِلٰى بَشَاوَر.
١١- مُزْدَحِمٌ (بِ) سے پُر اَلشَّارِعُ مُزْدَحِمٌ بِالْمَارِّيْنَ. اَصْبَحَتِ السُّوْقُ مُزْدَحِمَةً بِالنَّاسِ. لَمَّا دَخَلْنَا مَسْجِدَ الْفَيْصَلِ وَجَدْنَاهُ مُزْدَحِمًا بِالْمُصَلِّيْنَ. اَلْقِطَارُ مُزْدَحِمٌ بِالرُّكَّابِ. صَارَتِ الْقَاعَةُ الْآنَ مُزْدَحِمَةً بِالْمُسْتَمِعِيْنَ(١).
١٢- زَائِدٌ (عَنْ) سے زائد، زیادہ اَلطَّعَامُ زَائِدٌ عَنْ حَاجَتِيْ. نَضَعُ الطَّعَامَ الزَّائِدَ عَنِ الْحَاجَةِ فِي الثَّلَّاجَةِ(٢). هٰذِهِ الْكَرَارِيْسُ زَائِدَةٌ عَنْ حَاجَتِيْ. لَا تُخْرِجِي الصُّحُوْنَ(٣) الزَّائِدَةَ عَنِ الْحَاجَةِ.
١٣- مُزَيَّنٌ (بِ) سے سجاہوا اَلطُّرُقُ مُزَيَّنَةٌ بِالْحَدَائِقِ وَ الْأَشْجَارِ الْجَمِيْلَةِ. كَانَتِ الْقَاعَةُ مُزَيَّنَةً بِاللَّافِتَاتِ(٤) الَّتِيْ كُتِبَتْ عَلَيْهَا آيَاتُ الْقُرْآنِ وَ هُتَافَاتُ(٥) التَّرْحِيْبِ. حُجْرَةُ فَصْلِنَا مُزَيَّنَةٌ بِالْمُصَوَّرَاتِ(٦) الْجُغْرَافِيَّةِ وَ اللَّوْحَاتِ(٧) الْمُفِيْدَةِ.
١٤- مَسْؤُوْلٌ (عَنْ) کا ذمہ دار، جوابدہ كُلُّ اِنْسَانٍ مَسْؤُوْلٌ عَنْ عَمَلِهِ. كُلُّ مُوَاطِنٍ(٨) مَسْؤُوْلٌ عَنْ أَدَاءِ وَاجِبِهِ. مَنِ الْمَسْؤُوْلُ عَنْ هٰذَا الْفَشَلِ(٩)؟ اَلْحُكُوْمَةُ وَ وَسَائِلُ الْإِعْلَامِ(١٠) مَسْؤُوْلَةٌ عَنْ إِصْلَاحِ الْمُجْتَمَعِ(١١). اَلْحُكُوْمَةُ مَسْؤُوْلَةٌ عَنْ تَامِيْنِ(١٢) الْغِذَاءِ لِجَمِيْعِ الْمُوَاطِنِيْنَ. اَلْوَالِدُ مَسْؤُوْلٌ عَنْ إِصْلَاحِ أَوْلَادِهِ.
١٥- مَسْرُوْرٌ (بِ یا مِنْ) سے خوش اَنَا مَسْرُوْرٌ بِلِقَائِكَ. كُلُّنَا مَسْرُوْرٌ بِالنَّجَاحِ. فَاطِمَةُ مَسْرُوْرَةٌ مِمَّا كَتَبَتْ فِي الْإِمْتِحَانِ. أَنَا مَسْرُوْرٌ جِدًّا مِنْكُمْ لِاجْتِهَادِكُمْ(١٣) فِي الدُّرُوْسِ.
١٦- مَشْغُوْلٌ (بِ) میں مصروف، مشغول اَنَا مَشْغُوْلٌ بِحِفْظِ دُرُوْسِيْ. أُخْتِيْ

---

(١) سامعین (٢) ریفریجریٹر ج ثَلَّاجَاتٌ (٣) پلیٹیں م صَحْنٌ پلیٹ، رکابی، پیالہ (٤) بینرم لَافِتَةٌ (٥) نعرے م هُتَافٌ- هُتَافَاتُ التَّرْحِيْبِ خیر مقدمی نعرے (٦) نقشے م مُصَوَّرٌ (٧) چارٹ م لَوْحَةٌ (٨) شہری م مُوَاطِنُوْنَ (٩) ناکامی فَشِلَ يَفْشَلُ فَشَلًا ناکام ہونا (١٠) ذرائع ابلاغ (١١) معاشرہ ج مُجْتَمَعَاتٌ (١٢) فراہم کرنا، مہیا کرنا، فراہمی (١٣) محنت

مَشْغُولَةٌ بِالْقِرَاءَةِ . لَعَلَّكُمُ الْآنَ مَشْغُولُونَ بِأَمْرٍ آخَرَ، نَعَمْ، نَحْنُ مَشْغُولُونَ بِالْاِسْتِعْدَادِ لِلْاِمْتِحَانِ السَّنَوِيِّ . اَلْوَالِدُ مَشْغُولٌ بِأَمْرٍ مُهِمٍّ (١) .

١٧۔ مَشْغُولٌ (فِي) میں مصروف اَلْوَزِيرُ مَشْغُولٌ فِي اجْتِمَاعٍ . مُدِيرُنَا مَشْغُولٌ فِي أَعْمَالِهِ .

١٨۔ شَاكِرٌ (لِ) کا شکرگزار أَنَا شَاكِرٌ لَكَ جِدًّا . سَنَكُونُ شَاكِرِينَ لَكُمْ . نَحْنُ شَاكِرُونَ لِنَصِيحَتِكُمْ . سَأَكُونُ شَاكِرًا لَكُمْ مَا حَيِيتُ (٢) .

١٩۔ مَشْهُورٌ (بِ) میں مشہور فَيْصَلْ آباد مَشْهُورَةٌ بِصِنَاعَةِ النَّسِيجِ (٣) وَ بِالْجَامِعَةِ الزِّرَاعِيَّةِ . لَاهُور مَشْهُورَةٌ بِالْعِلْمِ وَالصِّنَاعَةِ . اَلْقَاهِرَةُ مَشْهُورَةٌ بِجَامِعَةِ الْأَزْهَرِ . كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ الْبِعْثَةِ مَشْهُورًا بِالْأَمَانَةِ وَالصِّدْقِ . مُعَلِّمُنَا مَشْهُورٌ بِالضَّحِكِ وَالْمِزَاحِ . أَخِي مَشْهُورٌ بِالْاِجْتِهَادِ وَأُخْتِي مَشْهُورَةٌ بِالذَّكَاءِ .

٢٠۔ مُشْتَاقٌ (إِلَى) کا شوقین أَنَا مُشْتَاقٌ إِلَى تَعَلُّمِ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ . نَحْنُ مُشْتَاقُونَ إِلَى زِيَارَتِكُمْ . أَخِي مُشْتَاقٌ إِلَى الدِّرَاسَةِ (٤) بِالْجَامِعَةِ الْإِسْلَامِيَّةِ بِالْمَدِينَةِ الْمُنَوَّرَةِ .

٢١۔ صَالِحٌ (لِ) کے لئے موزوں هَلْ هٰذَا الْمَاءُ صَالِحٌ لِلشُّرْبِ ؟ لَا، إِنَّهُ لَا يَصْلُحُ لِلشُّرْبِ، إِنَّهُ صَالِحٌ لِلرَّيِّ (٥) فَقَطْ . جَعَلَ اللّٰهُ الْأَرْضَ صَالِحَةً لِلْحَيَاةِ . لَمَّا تَمَّ مَشْرُوعُ الرَّيِّ (٦) أَصْبَحَتِ الْمِنْطَقَةُ كُلُّهَا صَالِحَةً لِلزِّرَاعَةِ . هٰذَا الطَّعَامُ غَيْرُ صَالِحٍ لِلْأَكْلِ .

٢٢۔ مَصْنُوعٌ (مِنْ) سے بنا ہوا هٰذِهِ الْحَقِيبَةُ مَصْنُوعَةٌ مِنَ الْجِلْدِ . هٰذِهِ الْأَوَانِي (٧) مَصْنُوعَةٌ مِنَ الصُّلْبِ (٨) الَّذِي لَا يَصْدَأُ . اَلْفَأْسُ مَصْنُوعَةٌ مِنَ الْحَدِيدِ الْجَيِّدِ .

---

(١) اہم بات (٢) جب تک میں زندہ ہوں (٣) کپڑے کی صنعت، ٹیکسٹائل ۔ النَّسِيجُ بننا، بناوٹ (٤) تعلیم (٥) آبپاشی (٦) اسکیم، منصوبہ ج مَشَارِيعُ ۔ مَشْرُوعُ الرَّيِّ آبپاشی کی اسکیم (٧) برتن مفرد إِنَاءٌ اس کی جمع آنِيَةٌ ہے، پھر اس کی جمع (جمع الجمع) أَوَانِي ہے (٨) سٹیل .

تمرین ۸

اِسْتَعْمِلْ كُلًّا مِنَ التَّعَابِيْرِ الْآتِيَةِ فِيْ جُمْلَتَيْنِ مِنْ عِنْدِكَ:

بَعِيْدٌ عَنْ ، جَالِسٌ عَلَى ، جَالِسٌ فِيْ ، أَحَبُّ إِلَى ... مِنْ ، مُحِبٌّ لِ ، مُحَافِظٌ عَلَى ، مُحْتَاجٌ إِلَى ، مُخْلِصٌ لِ ، خَالٍ مِنْ ، خَائِفٌ مِنْ ، ذَاهِبٌ إِلَى ، مُزْدَحِمٌ بِ ، زَائِدٌ عَنْ ، مُزَيَّنٌ بِ ، مَسْؤُوْلٌ عَنْ ، مَسْرُوْرٌ مِنْ ، مَسْرُوْرٌ بِ ، مَشْغُوْلٌ فِيْ ، مَشْغُوْلٌ بِ ، شَاكِرٌ لِ ، مَشْهُوْرٌ بِ ، مُشْتَاقٌ إِلَى ، صَالِحٌ لِ ، مَصْنُوْعٌ مِنْ .

تمرین ۹

تَرْجِمِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ إِلَى اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ:

میرا گاؤں شہر سے دور ہے ۔ ملتان پشاور سے دور ہے ۔ ٹیپ ریکارڈر[1] بچوں کے ہاتھوں سے دور رکھو۔ خالدہ بنچ پر بیٹھی ہے اور والدہ کرسی پر بیٹھی ہے ۔ مجھے چائے کے مقابلے میں دودھ زیادہ پسند ہے ۔ کیا آپ کو تعلیم کے مقابلے میں کھیل زیادہ پسند ہے ؟ والد صاحب صفائی کو پسند کرتے ہیں ۔ پرنسپل صاحب ترتیب اور نظم وضبط کو پسند کرتے ہیں ۔ یہ تاجر اپنے اوقات کا پابند ہے ۔ ملازم کو اوقات کا پابند ہونا ضروری ہے ۔ اس مریض کو آرام کی ضرورت ہے ۔ میں آپ کی مدد کا محتاج ہوں ۔ اقبال امتِ مسلمہ کے لئے مخلص تھے ۔ یہ میرا مخلص دوست ہے ۔ عبادت خانہ لوگوں سے خالی تھا ۔ سڑک گاڑیوں سے خالی ہے ۔ سست طالب علم امتحان سے ڈر رہا ہے ۔ وہ ناکامی سے ڈر رہا ہے ۔ ہم نماز کے لئے مسجد جا رہے ہیں ۔ والدہ بازار جا رہی ہے ۔ اب ہال لوگوں سے پُر ہے ۔ مسجد نمازیوں سے بھری ہوئی ہے ۔

---

(۱) اَلْمُسَجِّلُ

تمرین ۱۰

تَرجِمِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ إِلَى اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ:

کھانا ضرورت سے زیادہ ہے۔ ضرورت سے زیادہ کھانا ریفریجریٹر(۱) میں رکھو۔ کمرہ مفید چارٹوں(۲) سے سجا ہے۔ ہال بینروں(۳) سے سجا ہے۔ ہر انسان اپنے عمل کا ذمہ دار ہے۔ وہ اپنی ناکامی کا خود ذمہ دار ہے۔ ہم نتیجے سے خوش ہیں۔ میں آپ سے بہت خوش ہوں۔ ہم پڑھائی میں مصروف ہیں۔ میں اپنا سبق لکھنے میں مصروف ہوں۔ ناظم صاحب میٹنگ میں مصروف ہیں۔ میں آپ کا شکرگذار ہوں۔ ہم آپ کے بہت شکرگذار ہیں۔ میں آپ کی شکرگذار ہوں گی۔ گجرات برقی پنکھوں کی صنعت میں مشہور ہے، اور فیصل آباد کپڑے کی صنعت میں مشہور ہے۔ میں عربی زبان سیکھنے کا شوقین ہوں۔ میں اسلامی یونیورسٹی میں تعلیم پانے کا شوق رکھتا ہوں۔ یہ بیگ چمڑے کا بنا ہے۔ یہ چھری اچھے لوہے سے بنی ہے۔ یہ پھل کھانے کے لئے موزوں نہیں ہے۔ یہ پانی پینے کے لئے موزوں نہیں ہے۔

---

(۱) اَلثَّلَّاجَةُ (۲) لَوْحَاتٌ (۳) شِعَارَاتٌ.

الدَّرْسُ الْخَامِسُ

(٤) تَعْبِيرَاتٌ عَرَبِيَّةٌ مَعْرُوفَةٌ

٢٣- مُصَابٌ (بِ) میں مبتلا لَعَلَّكَ الْيَوْمَ مُصَابٌ بِمَرَضٍ؟ نَعَمْ أَنَا مُصَابٌ بِالزُّكَامِ وَالْحُمَّى(١) الْخَفِيفَةِ. اَلْجَرِيحُ(٢) مُصَابٌ بِكَسْرٍ(٣) فِي رِجْلِهِ الْيُمْنَى. اَلْوَالِدَةُ مُصَابَةٌ(٤) بِالدُّوَارِ. مَسْعُودٌ مُصَابٌ بِإِسْهَالٍ شَدِيدٍ.

٢٤- ضَرُورِيٌّ (لِ) کے لئے ضروری، لازمی اَلْمِلْحُ ضَرُورِيٌّ جِدًّا لِلطَّعَامِ. اَلْمَاءُ وَالْهَوَاءُ ضَرُورِيَّانِ لِحَيَاةِ الْإِنْسَانِ وَالْحَيَوَانِ وَالنَّبَاتِ. اَلْاِمْتِحَانَاتُ ضَرُورِيَّةٌ لِمَعْرِفَةِ قُدْرَةِ الطُّلَّابِ عَلَى الْفَهْمِ. اَلْأَمْنُ ضَرُورِيٌّ لِسَعَادَةِ(٥) الْإِنْسَانِ وَرَاحَتِهِ.

٢٥- مُضِرٌّ (بِ) کے لئے نقصان دہ، مضر اَلْكَذِبُ عَادَةٌ مُضِرَّةٌ بِسُلُوكِ(٦) الْإِنْسَانِ. اَلتَّدْخِينُ(٧) مُضِرٌّ بِالصِّحَّةِ. اَلْهَوَاءُ الْمُلَوَّثُ بِالدُّخَانِ وَالتُّرَابِ مُضِرٌّ بِالصِّحَّةِ. إِذَا تُرِكَتِ الْغُرْفَةُ مُغْلَقَةً صَارَ هَوَاؤُهَا فَاسِدًا وَمُضِرًّا بِالصِّحَّةِ.

٢٦- عَاجِزٌ (عَنْ) سے عاجز اَلْمَرِيضُ عَاجِزٌ عَنِ الْمَشْيِ. مِنْ وَاجِبِ الْحُكُومَةِ أَنْ تُسَاعِدَ الْعَاجِزِينَ عَنِ الْعَمَلِ. هُوَ عَاجِزٌ عَنِ الْحَرَكَةِ بَلْهَ(٨) الْعَدْوَ. اِنْكَسَرَتْ رِجْلُهُ الْيُسْرَى فَصَارَ عَاجِزًا عَنِ الْعَمَلِ. أَصْبَحْتُ عَاجِزًا عَنْ إِصْلَاحِهِ.

٢٧- مُسْتَعِدٌّ (لِ) کے لئے تیار نَحْنُ مُسْتَعِدُّونَ لِلْاِمْتِحَانِ. أَصْبَحْنَا مُسْتَعِدِّينَ لِاسْتِقْبَالِ الضُّيُوفِ. جَمِيعُ الطُّلَّابِ مُسْتَعِدُّونَ لِلرِّحْلَةِ. اَلْقُوَّاتُ(٩) الْمُسَلَّحَةُ مُسْتَعِدَّةٌ لِلدِّفَاعِ عَنِ الْوَطَنِ دَائِمًا. يَجِبُ عَلَى الْمُسْلِمِينَ أَنْ يَكُونُوا مُسْتَعِدِّينَ لِلْحَرْبِ دَائِمًا.

---

(١) بخار (٢) زخمی (٣) ہڈی ٹوٹنا (٤) سر چکرانا (٥) خوشی (٦) رویہ، کردار (٧) سگریٹ نوشی (٨) بَلْهَ چھوڑ، ذکر نہ کر، تو کجا۔ دوڑنا تو کجا، وہ حرکت سے لاچار ہے۔ (٩) مسلح افواج

٢٨- مُعَلَّقٌ (عَلیٰ) پر لٹکا ہوا، آویزاں   اَلْمَلَابِسُ مُعَلَّقَةٌ عَلَى الْمِشْجَبِ(١). اَلسَّاعَةُ مُعَلَّقَةٌ عَلَى الْحَائِطِ. لَا تَزَالُ الطَّيَّارَةُ(٣) مُعَلَّقَةً عَلَى أَسْلَاكِ(٤) الْكَهْرَبَاءِ.

٢٩- مُعَلَّقٌ (بِ) سے وابستہ   لَا يَزَالُ قَلْبُ الْأُمِّ مُعَلَّقًا بِطِفْلِهَا. هٰذَا تَاجِرٌ صَالِحٌ قَلْبُهُ مُعَلَّقٌ بِالْمَسْجِدِ. قَلْبُ الْوَالِدِ مُعَلَّقٌ بِالْمَسْجِدِ وَ الصَّلَاةِ.

٣٠- عَائِدٌ (مِنْ) سے واپس آرہا   اَلْعُمَّالُ عَائِدُوْنَ مِنْ أَعْمَالِهِمْ. وَالِدِيْ الْيَوْمَ عَائِدٌ مِنَ الْعِرَاقِ. كُنْتُ عَائِدًا مَعَ وَالِدِيْ مِنَ السُّوْقِ. هٰذِهِ الطَّائِرَةُ عَائِدَةٌ مِنْ كَرَاتْشِيْ.

٣١- عَائِدٌ (إِلىٰ) کو واپس لوٹ رہا   اَلْقَافِلَةُ عَائِدَةٌ مِنْ لَاهُوْرَ إِلىٰ إِسْلَام آبَاد. نَحْنُ الْيَوْمَ مَسْرُوْرُوْنَ جِدًّا لِأَنَّنَا عَائِدُوْنَ إِلَى الْوَطَنِ. أَنْتُمْ عَائِدُوْنَ الْيَوْمَ إِلَى الْوَطَنِ.

٣٢- مَغْرُوْرٌ (بِ) پر مغرور   لَا يَكُوْنُ الْمُؤْمِنُ مَغْرُوْرًا بِمَالِهِ أَوْ جَاهِهِ. كَانَ فِرْعَوْنُ مَغْرُوْرًا بِمُلْكِهِ وَقُوَّتِهِ فَعَصٰى مُوْسٰى عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ وَأَضَلَّ قَوْمَهُ. لَا تَكُوْنِيْ مَغْرُوْرَةً بِمَا أَعْطَاكِ اللّٰهُ مِنَ الْجَمَالِ وَ الْمَالِ. هُوَ مَغْرُوْرٌ بِمَالِهِ.

٣٣- غَافِلٌ (عَنْ) سے غافل، بےخبر   هُوَ غَافِلٌ عَنْ مَسْؤُوْلِيَّتِهِ(٥). لَسْتُ غَافِلًا عَنْ وَاجِبِيْ(٦). لَسْنَا غَافِلِيْنَ عَمَّا يَجْرِيْ حَوْلَنَا. لَيْسَ اللّٰهُ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُهُ الظَّالِمُوْنَ. أَكْثَرُ النَّاسِ غَافِلُوْنَ عَنِ الدِّيْنِ. لَسْتُ غَافِلًا عَمَّا تَعْمَلُ يَا سَلِيْمُ.

٣٤- غَنِيٌّ (بِ) سے بھرپور، مالامال   اَلتَّمْرُ غَنِيٌّ بِالْفِيْتَامِيْنَاتِ(٧) وَكَذٰلِكَ الْفَوَاكِهُ وَ الْخَضْرَوَاتُ غَنِيَّةٌ بِهَا. بَاكِسْتَانُ غَنِيَّةٌ بِالْمَعَادِنِ وَالْغَازِ الطَّبِيْعِيِّ. اَلدُّوَلُ الْعَرَبِيَّةُ فِي الْخَلِيْجِ غَنِيَّةٌ

---

(١) کھونٹی (٢) دیوار (٣) پتنگ (٤) تاروں، مفرد سِلْکٌ۔ (٥) اپنی ذمہ داری (٦) اپنے فرض۔ جمع وَاجِبَاتٌ (٧) فِيْتَامِيْنَاتٌ وٹامنز، مفرد فِيْتَامِيْنٌ (٨) قدرتی گیس۔

بِالنَّفْطِ[1]. مَكْتَبَةُ الْجَامِعَةِ غَنِيَّةٌ بِالْكُتُبِ وَالْقِصَصِ الْمُفِيْدَةِ.

٣٥- مُفِيْدٌ (لِ) کے لئے مفید اَلرِّيَاضَةُ الْبَدَنِيَّةُ مُفِيْدَةٌ لِلْجِسْمِ. اَلْمَشْيُ مُفِيْدٌ لِلصِّحَّةِ. بَعْضُ الْحَيَوَانَاتِ مُفِيْدٌ لِلْإِنْسَانِ.

٣٦- مُفِيْدٌ (فِيْ) میں مفید لَعَلَّ هٰذَا الْكِتَابَ مُفِيْدٌ فِيْ تَعْلِيْمِ الْإِنْشَاءِ؟ اَلْهَاتِفُ مُفِيْدٌ جِدًّا فِيْ إِنْجَازِ الْأَعْمَالِ[2] بِسُرْعَةٍ. اَلدَّرَّاجَةُ مُفِيْدَةٌ فِيْ قَطْعِ الْمَسَافَاتِ الْقَصِيْرَةِ وَحَمْلِ الْأَمْتِعَةِ الْخَفِيْفَةِ.

٣٧- قَادِرٌ (عَلٰى) پر قدرت رکھنے والا، قادر لَسْتُ قَادِرًا عَلٰى تَحَمُّلِ ضَوْضَاءِ[3] الْمُرُوْرِ[4]. أَصْبَحَ الْوَلَدُ قَادِرًا عَلَى الْعَمَلِ. أَصْبَحْتُ الْآنَ قَادِرَةً عَلَى الْقِرَاءَةِ وَالْكِتَابَةِ. لَمَّا وَجَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّائِلَ قَادِرًا عَلَى الْعَمَلِ لَمْ يُعْطِهِ شَيْئًا بَلْ شَجَّعَهُ[5] عَلَى الْعَمَلِ. لَمْ يَعُدِ[6] الْمَرِيْضُ قَادِرًا عَلَى الْمَشْيِ.

٣٨- قَادِمٌ (مِنْ) سے آرہا، آنے والا مِنْ أَيْنَ أَنْتَ قَادِمٌ؟ أَنَا قَادِمٌ مِنَ الْمَمْلَكَةِ الْعَرَبِيَّةِ السُّعُوْدِيَّةِ. هٰذَا الْقِطَارُ قَادِمٌ مِنْ بِشَاوَرَ وَذَاهِبٌ إِلٰى كَرَاتْشِيْ. مَاذَا تَنْتَظِرُ؟ أَنْتَظِرُ الْحَافِلَةَ الْقَادِمَةَ مِنْ كُوْهَاتَ. يَنْتَظِرُ الْمُسَافِرُوْنَ الطَّائِرَةَ الْقَادِمَةَ مِنْ مِصْرَ.

٣٩- قَرِيْبٌ (مِنْ) سے قریب اَلْمَسْجِدُ قَرِيْبٌ مِنَ الْمَصْنَعِ. هَلْ مَدْرَسَتُكَ قَرِيْبَةٌ مِنْ بَيْتِكَ؟ أُرِيْدُ أَنْ أَجْلِسَ عَلٰى مَقْعَدٍ قَرِيْبٍ مِنَ السَّبُّوْرَةِ. وَرَشَاتُ[7] الْحِدَادَةِ[8] وَالنِّجَارَةِ[9] قَرِيْبَةٌ مِنْ بَيْتِنَا.

٤٠- أَقَلُّ (مِنْ) سے کم، کم تر سَتَصِلُ الطَّائِرَةُ بِإِذْنِ اللّٰهِ إِلٰى كَرَاتْشِيْ فِيْ أَقَلَّ مِنْ سَاعَةٍ. لَا يَزَالُ عُمْرِيْ أَقَلَّ مِنْ عِشْرِيْنَ سَنَةً. اَلْفَوَاكِهُ الْمَحْفُوْظَةُ[10] أَقَلُّ نَفْعًا مِنَ الْفَوَاكِهِ الطَّازَجَةِ[11]. لَا تَأْكُلْ أَقَلَّ مِمَّا يَحْتَاجُ إِلَيْهِ جِسْمُكَ. بَقِيَ أَقَلُّ مِنْ سَاعَةٍ. بَقِيَ أَقَلُّ

---

(١) پٹرولیم، پٹرول (٢) کاروبار إِنْجَازٌ انجام دینا (٣) شور (٤) ٹریفک (٥) اس کی حوصلہ افزائی کی۔ (٦) نہیں رہا۔ (٧) وَرَشَاتٌ مفرد وَرْشَةٌ ورکشاپ (٨) لوہار کا کام، لوہے کا کام (٩) بڑھئی کا کام، نجاری (١٠) ڈبوں میں محفوظ پھل (١١) تازہ۔

مِنْ خَمْسِ دَقَائِقَ .

٤١- مُقِيْمٌ (فِيْ) میں مقیم، کاربائشی عَقْمًا اِبْرَاهِيْمُ مُقِيْمٌ فِيْ هٰذِهِ الْحَارَةِ (١) . اَنَا مُقِيْمٌ فِيْ هٰذِهِ الْمَدِيْنَةِ مُنْذُ اَكْثَرَ مِنْ عَشْرِ سَنَوَاتٍ . أَ اَنْتُمْ مُقِيْمُوْنَ فِيْ هٰذَا الْحَيِّ؟ نَعَمْ، نَحْنُ مُقِيْمُوْنَ فِيْ هٰذَا الْحَيِّ (٢) مُنْذُ سَنَةٍ .

